★★پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 18 محرم الحرام 1447ھ، 14 جولائی 2025ء، 31 جاٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 236

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، بلاول بھٹو

ڈوگرہ راج کے ہاتھوں شہید ہونے والے 22 کشمیری شہداء کے خون کی ایک لازوال داستان رقم کی

سری نگر سینٹرل جیل کے سامنے 22 کشمیریوں نے ایک عظیم مقصد کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، یہ عظیم کشمیری محض اپنے حق اظہار نہیں بلکہ پوری قوم کی عزت و حرمت کے لئے جام شہادت نوش کیا



چیف جسٹس آف پاکستان/ چیئرمین سپریم جوڈیشل کونسل سید یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عالمی برادری مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لے۔ ساتھ 13 جولائی 1931 سینٹرل جیل سری نگر کے سامنے 22 کشمیریوں نے ایک عظیم مقصد کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، یہ عظیم کشمیری محض اپنے حق اظہار نہیں بلکہ پوری قوم کی عزت و حرمت کے لئے جام شہادت نوش کیا ہاتھوں شہید ہونے والے 22 کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان 22 کشمیری شہداء کے خون نے ظلم و جبر کے خلاف مزاحمت کی ایک لازوال داستان رقم کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے ڈوگرہ راج کے خلاف مزاحمت کی علامت 22 کشمیری شہداء کو اپنے پیغام میں خراج تحسین پیش کیا۔ (بقیہ نمبر 1)

خیبر پختونخوا بدامنی کی لپیٹ میں، وزیراعلیٰ سیاسی نمائش میں مصروف ہیں: ڈاکٹر عباداللہ

پشاور: (پی ایم این) خیبر پختونخوا اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباداللہ نے کہا ہے کہ پورا صوبہ بدامنی، دہشتگردی اور عوامی بے چینی (بقیہ نمبر 2)

بھارتی فوج کشمیر میں ڈوگرہ راج کے مظالم دہرا رہی ہے: مریم نواز

پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کی ہر ایک تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتی ہے

کشمیر کے شہداء کی قربانیاں بتاتی ہیں کہ زنجیریں کبھی حوصلے کو قید نہیں کر سکتیں

لاہور: (پی ایم این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ 13 جولائی 1931 کے 22 شہداء سمیت ہر کشمیری شہید کو سلام جو ظلم کے خلاف حق کی صدا بنے، بھارتی قابض افواج آج کشمیری ڈوگرہ راج کے مظالم دہرا رہی ہیں۔ یوم شہداء کشمیر پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز (بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

26 ارکین کی معطلی سپیکر پنجاب اسمبلی اپوزیشن رہنماؤں کی ملاقات نتیجہ خیز

ہم آج مہمانوں کے ساتھ مصروف ہیں، ہم نے ارکان کی کوئی لسٹ نہیں بھیجی نہ ہی مذاکراتی کمیٹی پر کوئی مشاورت کی ہے، اپوزیشن اور حکومتی اتحاد کی مذاکراتی کمیٹی کا دوسرا سیشن آج 4 بجے طلب کیا گیا ہے: ملک احمد خان بھچر

اپوزیشن لیڈر پنجاب ملک احمد خان بھچر نے کہا کہ آج جو مذاکرات ہوئے وہ نتیجہ خیز نہیں تھے مزید مذاکرات پر اتفاق ہوا ہے، آج ہماری دوسری میٹنگ ہوئی جبکہ دیگر میٹنگز جاری ہیں، روٹلز پر وہ سیجز پر میٹنگ ہو رہی ہیں

امریکا کی جانب سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کی کوئی باضابطہ نہیں، سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ

کرپٹو کرنسی میں سرمایہ کاری کے لیے پاکستان کے پاس وافر بجلی ہے، ٹیکساس کے شہر ڈیلاس میں تقریب سے خطاب

ڈیلاس (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ امریکا کی جانب سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کا کوئی دباؤ نہیں، امریکی ریاست ٹیکساس کے شہر ڈیلاس میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رضوان سعید شیخ نے کہا کہ اسرائیل سے متعلق ہماری (بقیہ نمبر 6)



فیصل آباد وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری میڈیا نمائندگان سے گفتگو کر رہے ہیں

کراچی، منشیات کے عادی افراد کے خلاف پولیس کی کارروائی، متعدد افراد زیر حراست

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں سوشل میڈیا پر جاسمہ کراچی اور اس کے اطراف میں منشیات کے عادی افراد کی موجودگی کی نشاندہی (بقیہ نمبر 7)

حل ایبیہ میں حماس کے ساتھ قیدیوں کی ڈیل کے حق میں مظاہرہ

حل ایبیہ (این این آئی) حل ایبیہ میں ہزاروں مظاہرین نے قیدیوں کے تبادلہ (بقیہ نمبر 8)

صدر مملکت اور وزیراعظم کا شہدائے کشمیر کو خراج تحسین جدوجہد جاری رکھنے کا عزم

ٹرمپ کی ثالثی کی تجویز نے امن کا دروازہ کھولا، بھارت نے انکار کر کے یہ دروازہ خود بند کیا، محسن نقوی، شہدائے کشمیر کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے آج یوم شہدائے کشمیر کے موقع پر خصوصی شہدا کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے آزادی کی جدوجہد کے لیے ڈٹ جانے والوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی (بقیہ نمبر 5)

سندھ گورنمنٹ اسپتال لیاقت آباد کا ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ افتتاح

کراچی (این این آئی) سندھ گورنمنٹ اسپتال لیاقت آباد میں ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کا افتتاح ہو گیا، معاملہ، ہیڈ کیشیر، ڈاکٹر، ایمرجنسی میڈیکل آفیسر، نرسز، پیرامیڈیکل اسٹاف، سیکیورٹی گارڈز، ایمبولینس، ایمرجنسی وارڈ، ایمرجنسی ٹراما سینٹر، ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کا افتتاح سندھ گورنمنٹ اسپتال لیاقت آباد میں ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کا افتتاح ہو گیا

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:50
فجر	4:10
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریسکیو ایجوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786





آواز سی ڈیز پاکستان پی ڈی اے، ہوم نیٹ پاکستان کے زیر اہتمام لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے منعقدہ دوسرے مشاورتی اجلاس میں ایم پی اے سنبل مالک حسین اور ام لیلیٰ اظہر کے ہمراہ دیگر مہمان کا گروپ فوٹو

بروقت مقامی حکومتوں کا قیام و مالی خودمختاری عوام الناس کے مسائل میں کمی لاسکتے ہیں۔ام لیلیٰ اظہر

حکومت پنجاب بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے سنجیدگی سے کام کر رہی ہے۔ سنبل ملک حسین رکن صوبائی اسمبلی

لوکل گورنمنٹ سسٹم مظبوط نہیں، لوکل گورنمنٹ کے بنا ریاست کی تعریف ادھوری ہے۔ شرکاء

تقریب میں ام لیلیٰ اظہر، ایم پی اے سنبل مالک حسین، چودھری اشتیاق، سلمان عابد، محمد ساجد عطیہ حنیف حمیر الاسلم، فاطمہ اسد کی شرکت

آواز سی ڈیز پاکستان، پی ڈی اے، ہوم نیٹ پاکستان کے زیر اہتمام "پاکستان لوکل گورنمنٹس کی موجودہ آئینی۔ سیاسی۔ انتظامی اور مالیاتی صورتحال پر دوسرا مشاورتی اجلاس منعقد

شگرگڑھ (عمران عارف سے) "وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے گندم سپورٹ پروگرام" کے تحت 1500 خوش نصیب کاشتکاروں میں مالی اعانت کے سلسلہ میں ناروال کے کاشتکاروں کو کیش کی تقسیم کا آغاز کر دیا گیا، زراعت کی ترقی وزیر اعلیٰ پنجاب کی ترجیحات میں سر فہرست ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے "گندم سپورٹ پروگرام" کے تحت 1500 خوش نصیب کاشتکاروں میں مالی اعانت کے چیک آزاد تقسیم کرنے کے سلسلہ میں محکمہ زراعت توسیع کے زیر اہتمام تقریب کا انعقاد، تقریب میں وفاقی وزیر مملکت برائے بندرگاہ و ترقیات امین اقبال نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شمس رضا کے علاوہ ایم پی اے چوہدری پرویز اسلم، چیف آفیسر واسا محمد مدثر، کرشنگ زون انتظامیہ کے ذمہ دار سرکاری ادویات کی چوری میں ملوث گینگ کے مرکزی ملزم نعیم اللہ کے بھتیجی فارمیسی کے مالک کے خلاف بھی مقدمہ درج کروا دیا گیا، انسپکٹر اسٹیشن میونسپل کمیٹی حویلی لکھا افتخار احمدی مع میت میڈیا فارمیسی کے پروپرائٹر چوہدری افتخار کے خلاف مقدمہ درج کروایا گیا، باقی فارمیسی کے مالک پر ریشن کے کاروائی، ڈپٹی کمشنر شگرگڑھ شمس رضا کے دوسرے روز بھی چھاپے، سرکاری ادویات کی چوری میں ملوث گینگ کے مرکزی ملزم نعیم اللہ کے بھتیجی فارمیسی کے مالک کے خلاف بھی مقدمہ درج کر دیا گیا، انسپکٹر اسٹیشن میونسپل کمیٹی حویلی لکھا افتخار احمدی معیت میڈیا فارمیسی کے پروپرائٹر چوہدری افتخار کے

سرکاری ادویات کی چوری پر کارروائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی قوت) سرکاری ادویات کی چوری پر کارروائی، ڈپٹی کمشنر احمد عظان جاوید کی ہدایت پر تحصیل انتظامیہ کے مبینہ چھاپے، ریڈ فارمیسی کے پروپرائٹر کے خلاف کارروائی پر ایکشن، مقدمہ درج، کرشنگ زون انتظامیہ کی کارروائی پر سرکاری ادویات کی چوری میں ملوث گینگ کے مرکزی ملزم نعیم اللہ کے بھتیجی فارمیسی کے مالک کے خلاف بھی مقدمہ درج کروا دیا گیا، انسپکٹر اسٹیشن میونسپل کمیٹی حویلی لکھا افتخار احمدی معیت ریڈ فارمیسی کے پروپرائٹر چوہدری افتخار کے

چین۔افریقہ تعاون نے عالمی جنوب کی ترقی کے لیے ایک مثال قائم کی ہے، پیٹر زمبابوین صحافی

ہرارے (شہباز) زمبابوے کے خلاف چوری کی سرکاری ادویات کو فروخت کرنے کی کوشش ناکام، ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کروا دیا گیا، پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضہ سے 1 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کا نقصان پہنچانے پر کیا گیا، پولیس نے متعلقہ دفعات کے تحت فارمیسی کے مالک کے خلاف مقدمہ درج کرکے اسے گرفتار کرتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کر دیا، ڈپٹی کمشنر احمد عظان جاوید نے کہا کہ سرکاری ادویات کی چوری میں ملوث گینگ کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، سرکاری ادویات کی چوری کے ہر ملزم کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے سرکاری ادویات کی چوری سے ہونے والے نقصان کو ملزمان سے وصول کر کے متعلقہ ادارے کے اکاؤنٹ میں جمع کروایا جائے گا۔

ہرارے (شہباز) زمبابوے کے ایک عہدیدار نے کہا ہے کہ چین اور افریقہ کے درمیان باہمی مفید شراکت داری پر مبنی تعاون نے عالمی جنوب میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک مثال قائم کی ہے۔ زمبابوے کے دارالحکومت ہرارے میں منعقدہ ایک اخبار سے گفتگو کرتے ہوئے زمبابوے کے ایک عہدیدار نے کہا کہ چین اور افریقہ کے درمیان باہمی اعتماد اور احترام پر مبنی ایک ایسی شراکت داری پروان چڑھی ہے جس نے برسوں سے دونوں خطوں کی مشترکہ ترقی کو آگے بڑھایا ہے۔ ہارے ان چند زمبابوین میڈیا پرسنز میں شامل ہیں جنہوں نے جون میں چین کے دیگر صوبوں کا دورہ کیا تھا۔ اس دوران انہوں نے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیا جن میں صوبائی دارالحکومت چھانگشا میں منعقدہ چوتھی چین۔ افریقہ اقتصادی و تجارتی نمائش بھی شامل تھی۔ ہارے دانے کہا کہ وہ 2013 میں شہر سے اپنے پہلے دورے کے بعد سے چھانگشا کے شہری منظر نامے میں بڑے پیمانے پر ہونے والی ترقی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو دیکھ کر حیران رہ گئے۔ انہوں نے کہا کہ "میں نے ترقی کی شاندار رفتار کا مظاہرہ کیا ہے، عمارتیں، بنیادی شہری سہولیات، سڑکوں کا نیٹ ورک سب کچھ اعلیٰ معیار کا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چین میں مصنوعی ذہانت کے مختلف شعبوں خصوصاً میڈیا انڈسٹری میں وسیع پیمانے پر استعمال سے بھی بہت متاثر ہوئے ہیں۔

دوران انہوں نے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیا جن میں صوبائی دارالحکومت چھانگشا میں منعقدہ چوتھی چین۔ افریقہ اقتصادی و تجارتی نمائش بھی شامل تھی۔ ہارے دانے کہا کہ وہ 2013 میں شہر سے اپنے پہلے دورے کے بعد سے چھانگشا کے شہری منظر نامے میں بڑے پیمانے پر ہونے والی ترقی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو دیکھ کر حیران رہ گئے۔ انہوں نے کہا کہ "میں نے ترقی کی شاندار رفتار کا مظاہرہ کیا ہے، عمارتیں، بنیادی شہری سہولیات، سڑکوں کا نیٹ ورک سب کچھ اعلیٰ معیار کا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چین میں مصنوعی ذہانت کے مختلف شعبوں خصوصاً میڈیا انڈسٹری میں وسیع پیمانے پر استعمال سے بھی بہت متاثر ہوئے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر (ریونیو) چکوال جناب محمد شہاب اسلم کا ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال کا دورہ

مڈبھیڑ کے الماک حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی۔ حادثہ میں 18 افراد کو ہسپتال منتقل کیا گیا، جن میں خواتین، مرد اور بچے شامل تھے۔ بدقسمتی سے دو خواتین ہسپتال پہنچنے سے پہلے ہی دم توڑ چکی تھیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے زخمیوں کے تیمارداروں سے ملاقات کی اور انہیں مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو فوری اور بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کی مکمل نگہداشت کو یقینی بنایا جائے۔ اے ڈی سی آر نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا اور



شہاب اسلم نے ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال کا دورہ کر کے مڈبھیڑ کے الماک حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی۔ حادثہ میں 18 افراد کو ہسپتال منتقل کیا گیا، جن میں خواتین، مرد اور بچے شامل تھے۔ بدقسمتی سے دو خواتین ہسپتال پہنچنے سے پہلے ہی دم توڑ چکی تھیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے زخمیوں کے تیمارداروں سے ملاقات کی اور انہیں مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو فوری اور بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کی مکمل نگہداشت کو یقینی بنایا جائے۔ اے ڈی سی آر نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ منظلی انتظامیہ سڑکوں کی حفاظت اور امدادی عملی ریسکیو کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کرے گی

لاہور میں پنجاب حکومت کے تجربہ کار اقدام CCD کے قیام نے انقلاب برپا کر دیا

ڈاکٹر شان اور زیر نگرانی تعینات ہونے والے اس ڈیپارٹمنٹ کے ذمائمہ شہریوں کے قریب آ کر ان کے مسائل کا فوری طور پر ازالہ کر رہے ہیں

لاہور (فیض صدیقی سے) لاہور میں پنجاب حکومت کے تجربہ کار اقدام، سٹیزن فیڈ بیک مینجمنٹ سسٹم (DIG Crime Control and Public Accountability) جنیٹ (AIG General vigilance and internal audit) تعاون سے قائم کیا گیا، جس میں خواتین، مرد اور بچے شامل ہیں۔ یہ ڈیپارٹمنٹ (CCD Department) کے قیام نے اس ادارے اور شہری حکومت کے درمیان موجود فاصلے کو ختم کر دیا ہے۔ ڈاکٹر شان اور زیر نگرانی تعینات ہونے والے اس ڈیپارٹمنٹ کے ذمائمہ شہریوں کے قریب آ کر ان کے مسائل کا فوری طور پر ازالہ کر رہے ہیں۔ حکومت پنجاب نے فروری 2025ء میں پولیس آرڈر 2002ء میں ترمیم کے ذریعے انتظام جرائم، کمیونٹی پولیسنگ، ٹریفک، ویمن پولیس، ڈیتھ انوسٹی گیشن، ٹریفک انجینئرنگ اور ٹریفک ایجوکیشن جیسے اہم شعبوں کو ایک ہی ڈھانچے کے تحت یکجا کر دیا تھا۔ اس اقدام کا مقصد شہریوں کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام خدمات فراہم کرنا تھا۔ اس کے علاوہ ڈیجیٹل ریسپانس سسٹم کے ذریعے شہریوں کو ایک ہی ہیلپ لائن 1787 پر ایمرجنسی، ٹریفک اور دیگر شکایات کے لیے رابطہ کی سہولت فراہم کی گئی۔ اس اقدام کا بنیادی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 14 جولائی 2025ء

وزیرِ دفاع خواجہ محمد آصف کا ڈی پی او آفس سیالکوٹ کا دورہ

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد نے انہیں سیف سٹی پراجیکٹ، ڈرائیو تھرو پولیس خدمت مرکز، ٹریفک مینجمنٹ اور دیگر پولیسنگ امور پر تفصیلی بریفنگ دی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام کے ہمراہ ڈی پی او آفس سیالکوٹ کا دورہ کیا، جہاں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد نے انہیں سیف سٹی پراجیکٹ، ڈرائیو تھرو پولیس خدمت مرکز، ٹریفک مینجمنٹ اور دیگر پولیسنگ امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی پی او سیالکوٹ نے آپریشنز مانیٹرنگ سنٹر سیف سٹی میں وزیر دفاع اور رکن اسمبلی کو پولیس کی جدید حکمت عملیوں، جرائم کے تدارک کیلئے استعمال ہونے والی ٹیکنالوجی اور عوامی سہولیات کی فراہمی پر مبنی اقدامات سے آگاہ کیا۔ فیصل شہزاد نے بتایا کہ سیالکوٹ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی، آرٹیفیشل انٹیلیجنس سسٹم، ہاٹ سپاٹ کیم سے لیس سنیپ چیکنگ پوائنٹس اور دیگر اصلاحاتی اقدامات متعارف کرائے ہیں، جن کی بدولت ضلع میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور چوہدری فیصل اکرام نے پولیس لائنز میں زیر تعمیر پاکستان کے پہلے ڈرائیو تھرو پولیس خدمت مرکز کا بھی معائنہ کیا، جہاں شہریوں کو گاڑی سے اترے بغیر 14 اہم پولیس سہولیات دستیاب ہوں گی۔ اس موقع پر خواجہ محمد آصف نے صوبہ پنجاب میں جرائم کی بیخ کنی اور امن و امان کے قیام کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں شروع کیے گئے سیف سٹی پراجیکٹ اور اصلاحاتی اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کے مؤثر تدارک کیلئے پولیس کا جدید خطوط پر استوار ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے نہ صرف جرائم پر قابو پانا ممکن ہے بلکہ عوام کا اعتماد بھی بحال ہوتا ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے بھی سیالکوٹ پولیس کی کاوشوں اور جدید پولیسنگ ماڈل کو سراہتے ہوئے اسے دیگر صوبوں کیلئے ایک قابل تقلید قدم قرار دیا۔

ٹرانسپورٹ اتھارٹی عمر علی نے پبلک ٹرانسپورٹ میں ایل پی جی سلنڈر کے خلاف ایکشن لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر پبلک ٹرانسپورٹس میں محفوظ سفر یقینی بنانے کے لئے ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی زیر نگرانی سیکرٹری ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی عمر علی نے پبلک ٹرانسپورٹ میں ایل پی جی سلنڈر کے خلاف ایکشن لیا۔ انہوں نے مختلف شاہرات پر ناکہ بندی کر کے تین روز میں دوران انسپکشن 15 گاڑیاں بند اور سلنڈرز ضبط کر کے سول ڈیفنس کے حوالے کر دیئے۔ انہوں نے کہا کہ مسافر گاڑیوں میں ایل پی جی سلنڈرز استعمال نہیں کرنے دیں گے اور خلاف ورزی پر سخت ایکشن ہوگا۔

حاجی حسنین احمد گولڑوی کی والدہ انتقال کر گئیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ امن کمیٹی چنیوٹ کے ممبر حاجی سکندر حیات گولڑوی اور قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی چنیوٹ کے ضلعی سینئر نائب صدر حاجی شوکت حیات گولڑوی کی ہمشیرہ حاجی اکبر علی اور حاجی حسنین احمد گولڑوی کی والدہ گزشتہ روز انتقال کر گئی مرحومہ کی نماز جنازہ جھنگ روڈ پر ادا کی گئی نماز جنازہ میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی مرحومہ کو سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں پیر حافظ دیوان قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

ضلع بھر میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے مشکوک افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ کا عمل جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ پولیس کی طرف سے ضلع بھر میں عملی اقدامات جاری، ضلع بھر میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے مشکوک افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 705 افراد کو چیک کیا۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں پولیس نے ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 817 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ ای پولیس پوسٹ ایپ سے چیکنگ کے دوران وارداتوں میں مطلوب 3 ڈیکلرز برآمد ہوئیں اور ایک مجرم اشتہاری کو گرفتار کیا گیا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لیے ضلع بھر میں عملی اقدامات جاری ہیں۔

ایم ایس ڈاکٹر عامر نوید کی کاوشوں سے چلڈرن ہسپتال فیصل آباد میں مریضوں کے لیے شاندار سہولیات کی فراہمی

شدید گرمی کے پیش نظر ہسپتال میں ٹھنڈے اور صاف پانی کا نیا پلانٹ نصب کر دیا گیا ہے



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ایم ایس ڈاکٹر عامر نوید کی انتھک محنت اور قابل تحسین اقدامات کے نتیجے میں چلڈرن ہسپتال فیصل آباد میں مریضوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کئی اہم اقدامات کیے گئے ہیں؛ انہیں عوامی حلقوں کی جانب سے بھرپور سراہا جا رہا ہے۔ شدید گرمی کے پیش نظر ہسپتال میں ٹھنڈے اور صاف پانی کا نیا پلانٹ نصب کر دیا گیا ہے، جس سے بچوں کے ہمراہ آنے والے والدین اور تیمارداروں کو بھی پینے کے پانی کی سہولت دستیاب ہو گئی ہے اس طرح ہسپتال کے وارڈز اور مختلف شعبہ جات میں 20 سے زائد نئے پنکھے نصب کیے گئے ہیں تاکہ گرمی کے موسم میں مریضوں اور ان کے تیمارداروں کو راحت دی جا سکے۔ رات کے وقت روشنی کی بہتر فراہمی کے لیے ہسپتال کی تمام باؤنڈری وال پر لائٹس نصب کر دی گئی ہیں، جس سے نہ صرف ماحول روشن ہو گیا ہے بلکہ سیکیورٹی میں بھی واضح بہتری آئی ہے۔ پانی کی مستقل فراہمی یقینی بنانے کے لیے ہسپتال میں دو مرسیبل پمپ بھی نصب کیے گئے ہیں، جو کہ ٹربائن بند ہونے کی صورت میں بیک اپ سسٹم کے طور پر کام کریں گے۔ اس سے ہسپتال میں پانی کی بندش کا مسئلہ مکمل طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔

صنعتکاروں کے تحفظات حکومت کو سمجھنا ہونگے۔ وقاص اکرم اعوان

ظالمانہ ٹیکس پالیسی کیوجہ سے ایکسپورٹرز، ورکرز کا روزگار خطرے میں: سابق صنیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) تاجر برادری حکومتی ظالمانہ ٹیکس پالیسی کے بعد انتہائی پریشان ہے مسلسل معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت کی حامل بزنس کمیونٹی حکومتی ٹیکس پالیسیوں کیخلاف آج سراپا احتجاج ہے۔ حکومت پنجاب سے ظالمانہ ٹیکس پالیسیوں کے بعد قابد اتحاد فاؤنڈرز گروپ جناب ریاض الدین شیخ و صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ اکرام الحق کی قیادت میں پرامن احتجاج پر مجبور ہوئے ہیں۔ جمعہ کے روز بزنس کمیونٹی کے جم غفیر سے خطاب کرتے ہوئے سابق صنیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وقاص اکرم اعوان سابقہ جنرل باڈی ممبر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے کہا کہ ہم پرامن و کاروباری لوگ اور شریف شہری ہیں جو ملک کو کثیر زرمبادلہ کما کر دیتے ہیں۔ مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومت فلفور ظالمانہ ٹیکس واپس لینے سمیت ایف بی آر کے لا محدود اختیارات کو پہلے کی پوزیشن پر محدود کرے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ معاشی پالیسیوں نے کاروباری طبقے کو بری طرح متاثر کیا ہے اور بزنس کمیونٹی بدترین زنی دباؤ کا شکار ہو چکی ہے ٹیکسز میں مسلسل اضافہ اور غیر یقینی مالی اقدامات کے باعث صنعتکار اور تاجر برادری سمیت محنت کش بھی شدید پریشانی میں مبتلا ہے حکومت کو سمجھنا ہوگا کہ معیشت کا پہیہ بھی چلتا ہے جب صنعتکار مطمئن اور محفوظ ہو۔

تمام نالوں کی سو فیصد صفائی کا کام مکمل کیا جائے، ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

دریائے چناب کے حفاظتی بند کی ضروری تعمیر و مرمت کے کام کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی سیلابی یا ہنگامی صورتحال میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ دریائے چناب میں ممکنہ سیلاب اور مون سون بارشوں کے پیش نظر محکمہ ایری گیشن تمام ڈرینیج نالوں کی سو فیصد صفائی کا کام مکمل کریں۔ دریائے چناب کے حفاظتی بند کی ضروری تعمیر و مرمت کے کام کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی سیلابی یا ہنگامی صورتحال میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ممکنہ سیلاب کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 عدنان نواز، میونسپل کمیٹیوں، محکمہ ایری گیشن، ضلع کونسل اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران اجلاس میں شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ انہار اور ضلعی انتظامیہ کے تمام محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ حالیہ مون سون بارشوں اور دریائے چناب میں ممکنہ سیلاب کے پیش نظر اپنی اپنی محکمانہ تیاریوں اور حفاظتی انتظامات کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جائے۔ محکمہ انہار/ ڈرینیج کے افسران ضلع بھر کے تمام نالوں کی صفائی کے سو فیصد کاموں کو یقینی بنائیں، تمام برساتی نالہ کی ڈی سلٹنگ، جڑی بوٹیوں کے خاتمہ کو یقینی بنا کر پانی کی روانی کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ محکمہ ریونیو کے افسران اور ملازمین دریا کے قریبی دیہات میں لوگوں کو ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر پیشگی مطلع کر دیں۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ صحت کے افسران کو بھی ہدایت کی کہ حالیہ مون سون بارشوں یا کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹنے کے لیے ادویات کی وافر فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ علاوہ ازیں محکمہ لائیو سٹاک کے افسران اور ڈاکٹرز تمام دیہات اور بالخصوص دریائی علاقوں میں مویشیوں کی ویکسی نیشن اور دیگر ضروری ادویات کی دستیابی کو ہر لحاظ سے ممکن بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ فی الحال دریائے چناب میں پانی کی آمد اور اخراج معمول کے مطابق ہے اور کسی قسم کی سیلابی صورتحال نہیں لیکن پھر بھی تمام محکمے اپنی تیاریوں اور حفاظتی انتظامات کو مکمل رکھیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ضلع بھر میں دفعہ 144 کے تحت دریا، نہروں، برساتی نالوں میں نہانے پر پابندی بھی عائد کی گئی ہے۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر عدنان نواز نے بتایا کہ ممکنہ سیلابی صورتحال سے بروقت نمٹنے، ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن کے لیے بوٹنگ پوائنٹ اور فلڈ ریلیف سنٹر قائم کر دیئے گئے ہیں، جہاں ریسکیو اہلکاروں کی ڈیوٹیاں بھی لگائی گئی ہیں، اس کے علاوہ ڈی سی آفس میں قائم کنٹرول روم سے دریائے چناب میں پانی بہاؤ کو 24 گھنٹے مانیٹر کیا جا رہا ہے۔

موسمیاتی تبدیلیوں سے بچاؤ کیلئے شجرکاری کیجئے۔ میاں خرم اکرم

درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔ ڈائریکٹر سیال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) 13 جولائی سے ساون کا مہینہ شروع ہو رہا ہے۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ ساون اتنا زرخیز ہوتا ہے کہ اگر سوکھی لکڑی بھی زمین میں گاڑ دی جائے تو وہ سبز ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ مہینہ پودے اور درخت لگانے کے لیے سب سے موزوں وقت سمجھا جاتا ہے۔ آیئے اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور درخت لگانے کی تیاری کریں تاکہ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت پر قابو پایا جا سکے اور ماحول کو بہتر بنایا جا سکے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و ڈائریکٹر سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ میاں خرم اکرم نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے شکار ممالک میں شامل ہے۔ درختوں میں نیم ایک خاص درخت ہے جو 55 ڈگری تک گرمی اور 10 ڈگری تک سردی برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایک 12 فٹ اونچا درخت اتنی ٹھنڈک پیدا کرتا ہے جتنے تین ایئر کنڈیشنرز مل کر کرتے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ نیم کا درخت رات کے وقت بھی آکسیجن خارج کرتا ہے۔ درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔

فیصل آباد رجسٹری برانچ صدر میں پرائیویٹ افراد کا راج، سرکاری ریکارڈ غیر مجاز ہاتھوں میں، کرپشن عروج پر ڈپٹی کمشنر نوٹس لیں

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) رجسٹری برانچ صدر فیصل آباد میں پرائیویٹ افراد کی غیر قانونی موجودگی اور کھلی مداخلت نے ادارہ جاتی نظام پر سنگین سوالات اٹھا دیے ہیں۔ باوثوق ذرائع کے مطابق راشد شانی، عصمت اللہ اور نوید احمد نامی افراد رجسٹری برانچ اور خدمت مرکز میں نہ صرف آزادانہ نقل و حرکت رکھتے ہیں بلکہ اہم سرکاری ریکارڈ بھی ان کے زیر قبضہ پایا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ راشد نامی فرد نے سول کوارٹر میں واقع اپنے ذاتی مکان کو مبینہ طور پر رجسٹری برانچ کا غیر رسمی ذیلی دفتر بنا رکھا ہے، جہاں سے سرکاری نوعیت کی فائلوں کا جائز و ناجائز کاروبار کیا جا رہا ہے۔ مزید یہ کہ ان افراد کے ذریعے رجسٹری سے متعلق امور کی انجام دہی کے لیے فیشن اور غیر قانونی وصولیاں معمول بن چکی ہیں۔ ان افراد کو حاصل اندرونی سرپرستی اور رسائی کے باعث سرکاری دفاتر کا تقدس مجروح ہو رہا ہے، اور انتظامی رٹ بری طرح متاثر ہو چکی ہے۔ دفتر کا عملہ بھی ان افراد کی موجودگی کو معمول کا حصہ تصور کر چکا ہے، جو حکومتی پالیسیز اور نظم و نسق کے سراسر خلاف ہے۔

ڈویژنل ڈائریکٹر ساہیوال میاں ظہور احمد کی سربراہی میں محکمہ پلانٹ پروٹیکشن دیپالپور کی بہت بڑی کاروائی

جعلی زرعی ادویات بنانے والی فیکٹری پر چھاپہ مار کر لاکھوں روپے مالیت کی جعلی زرعی ادویات قبضہ میں لے لی گئی



عارفوالا (نامہ نگار) ڈویژنل ڈائریکٹر ساہیوال میاں ظہور احمد کی سربراہی میں محکمہ پلانٹ پروٹیکشن دیپالپور کی بہت بڑی کاروائی جعلی زرعی ادویات بنانے والی فیکٹری پر چھاپہ مار کر لاکھوں روپے مالیت کی جعلی زرعی ادویات قبضہ میں لے لی گئی اور موقع سے ایک ملزم گرفتار اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ میاں ظہور احمد نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ساہیوال ڈویژن سے جعلی زرعی ادویات کا خاتمہ اولین ترجیحات میں شامل ہے کسی صورت بھی کسانوں کا استحصال نہیں ہونے دیں گے جعلی زرعی ادویات فروخت کرنے والے مافیا کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے محکمہ زراعت پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف بیسٹیسائیڈز کے اسپیشلسٹ چوہدری قاسم علی کی نشاندہی اور مخبر کی اطلاع پر ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ میاں ظہور احمد، اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اور ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ رائے محمد اکبر کی زیر نگرانی پراچہ بس اڈا کاڑہ روڈ دیپالپور ملک عبدالحق کی غیر قانونی فیکٹری پر چھاپہ مار کر غیر رجسٹرڈ زرعی ادویات جن کی مالیت تقریباً 23 لاکھ روپے کے قبضہ میں لے لیا گیا ان ادویات میں لیکوئڈ اور مٹی ٹیسٹ کیمیکلز کی مشہور و معروف برانڈ کی دانے دار میں شامل ہیں قبضہ میں لی گئی جعلی زرعی ادویات کے سیمپلز حاصل کیے بھیجے جن کے لیب رزلٹس وصول ہونے پر مزید کاروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ گرفتار ملزم کیخلاف مقدمہ درج کر کے پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے مزید کاروائی کاروائی کیلئے پولیس مصروف تفتیش ہے۔۔

پاکستان کی سیاسی پارٹیاں مزدور دشمن ہیں کسان اور تعلیم کی دشمن ہیں: میر مرتضی بھٹو

پیپلز پارٹی سے سوال کرتا ہوں کے آپ کے پاس عوام کہاں ہے ذوالفقار علی بھٹو کی قبر پر محل بنایا گیا بھٹو سرمایا دار حاکم نہیں مزدور دوست راہنما تھا



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) پاکستان کی سیاسی پارٹیاں مزدور دشمن ہیں کسان اور تعلیم کی دشمن ہیں یہ پارٹیاں صرف سرمایہ داروں کو سپورٹ کرنے کے لئے بنائی جاتی ہیں ان کے منشور میں غریب عوام کے لئے کچھ نہیں ہے پیپلز پارٹی سے سوال کرتا ہوں کے آپ کے پاس عوام کہاں ہے ذوالفقار علی بھٹو کی قبر پر محل بنایا گیا بھٹو سرمایا دار حاکم نہیں مزدور دوست راہنما تھا جس نے پاکستان میں مزدور کی بات کی غریب کو برابری دینے کی بات کی افسوس کی بھٹو کے بعد اس کے مشن پر عمل نہ ہو سکا ان خیالات کا اظہار ذوالفقار علی بھٹو کے حقیقی جانشین میر مرتضی بھٹو کے صاحبزادے ذوالفقار علی بھٹو جونیئر نے پاکستان لیبر قومی موومنٹ، حقوق خلق پارٹی کے زیر اہتمام چک نمبر 67 ج ب سدھار میں انڈسٹری بچاؤ جلسہ، ڈاکٹر عمار جان، مزمل کاکڑ، فاروق طارق، چیئرمین پاکستان لیبر قومی موومنٹ بابا لطیف انصار، خلق یوتھ فرنٹ کی راہنما میڈیم مہتاب احمد، منہ زراق، پروین لطیف انصاری، خالد راگجھا، ثنا راحمد ثار، ملک ممتاز، رانا ریاض فاروق طارق و دیگر راہنماؤں نے خطاب کیا بابا لطیف انصاری نے اپنے خطاب میں کہا کہ سالانہ اجرتوں میں آضافہ 102 فیصد کی انڈسٹری میں کیا جاتا ہے جس میں ہیلپر سے کاریگر کا معین کیا جاتا ہے پنجاب حکومت کی جانب سے جو تجاویز مانگی گئیں ہیں وہ فلیٹ ریٹ 40 ہزار مقرر کرنا چاہتی ہے جس کو مزدوروں نے یکسر مسترد کر دیا ہے پنجاب حکومت کو ریٹ ترمیمی بل پاس کرنے سے باز رہے یہ مزدور دشمن کالا قانون ہے اس کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے اور انڈیا کے اندر لیبر کوڑت بنانے کے خلاف لاکھوں مزدور سراپا احتجاج ہیں ہمیں احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے فیصل آباد کے آٹھ لاکھ مزدور سوشل سیکورٹی کارڈ سے محروم ہیں ہمیں فوری طور پر رجسٹرڈ کیا جائے پاور لوم ورکرز کی اجرتوں میں آضافہ نہ کیا گیا تو دو ماہ مست قلندر ہوگا

سرگودھا روڈ پر دونوں اطراف سے بننے والا نالہ شہریوں کے لیے عذاب بن گیا

ٹھیکیدار رشوت نہ دینے والے شہریوں کو ذلیل و خوار کرنے لگا

جھنگ (بیورو رپورٹ) سرگودھا روڈ پر دونوں اطراف سے بننے والا نالہ شہریوں کے لیے عذاب بن گیا ٹھیکیدار رشوت نہ دینے والے شہریوں کو ذلیل و خوار کرنے لگا تفصیلات کے مطابق سرگودھا روڈ پر آدھیوال چوک سے لے کر حفاظتی بند تک سڑک کے دونوں اطراف نالہ بنایا جا رہا ہے ٹھیکیدار نے نالے کی کھدائی کر کے پکی سلیب ڈالنی تھی مگر نالہ میں ناقص میٹریل کا استعمال کیا جا رہا ہے ٹھیکیدار کی جانب سے شہریوں اور دوکانداروں سے نالہ تیار کروانے کے لیے مبینہ طور پر 12 ہزار سے بیس ہزار روپے رشوت وصول کی جا رہی ہے رشوت نہ دینے والے شہریوں کے گھروں کے سامنے نالہ کی کھودائی کر کے نالہ کو چھوڑ دیا گیا ہے جس سے شہری اور دوکاندار گھروں میں نالہ پر پھٹے یا گارڈر رکھ کر گھروں میں داخل ہو رہے ہیں گزشتہ روز ریٹائرڈ پولیس آفیسر مظہر خان نے دیگر لوگوں کے ہمراہ احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ ٹھیکیدار کو رشوت نہ دی تو اس نے نالہ کی کھدائی کر کے چھوڑ دیا جس سے بارش کا پانی نالہ میں کھڑا ہونے سے میرے گھر کا مین گیٹ بیٹھ گیا ہے اور مکانوں کی بنیادوں میں بھی پانی داخل ہو گیا ہے مظہر خان و دیگر شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈی سی جھنگ سے مذکورہ ٹھیکیدار کے خلاف تادیبی کاروائی عمل میں لاتے ہوئے نالہ کو جلد از جلد مکمل کروانے کا مطالبہ کیا ہے

سیاسی سماجی شخصیت ملک غلام عباس کھوکھر آف بھکھڑ یوالی انتقال کر گئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مرحوم بھکھڑ یوالی کے سیاسی گھرانے سے تعلق رکھتے اور سماجی حلقوں میں مقبول تھے، ملک عارف کھوکھر ملک شمائل کھوکھر آف امریکہ کے بھائی اور سابقہ ناظم ملک شعیب صدیق کے کزن تھے۔ انکی نماز جنازہ میں عمائدین علاقہ ممبر یال سیالکوٹ کی سیاسی وسماجی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی، نماز جنازہ کے بعد انہیں سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم سیالکوٹ پریس کلب کے سنیئر صحافی و ممبر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس خواجہ محمد عامر جاوید کے دیرینہ دوستوں میں سے ایک تھے خواجہ عامر جاوید و شرکاء نے ان کے انتقال پر ملک بھر کی کے ساتھ پر اظہار تعزیت کیساتھ بلندی درجات کی دعا کی ہے۔

رائیونڈ میں سیوریج نظام کی تباہ حالی، سڑکیں بن گئیں تالاب، شہری سراپا احتجاج

مون سون کے آغاز سے پہلے شہری نالوں اور گٹروں کی صفائی کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کو بھی انتظامیہ نے کوئی اہمیت نہ دی

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید) رائیونڈ تحصیل بھر میں حالیہ بارشوں کے بعد سڑکیں اور گلیاں مکمل طور پر تالاب کا منظر پیش کر رہی ہیں، جس سے نہ صرف شہریوں کی روزمرہ زندگی متاثر ہو چکی ہے بلکہ سیوریج سسٹم کی بدترین بدنش نے انتظامیہ کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھا دیے ہیں۔ مون سون کے آغاز سے پہلے شہری نالوں اور گٹروں کی صفائی کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کو بھی انتظامیہ نے کوئی اہمیت نہ دی۔ شہر میں موجود تمام نالے اور سیوریج سسٹم فنڈز ملنے کے باوجود صاف نہ کیے جانے پر شہریوں کا سخت احتجاج سے اپیل کی ہے کہ رائیونڈ کے تباہ حال سیوریج سسٹم کو فوری طور پر جدید ترین نظام سے تبدیل کیا جائے اور موجودہ ناقص و نااہل افسران کو ہٹا کر دیانت دار و فرض شناس افراد کو تعینات کیا جائے۔ شہریوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ ان افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے جنہوں نے ترقیاتی فنڈز کو خرد برد کر کے سیوریج سسٹم کو تبدیل کیا عوام کا کہنا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی۔ میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کہنا ہے کہ بارہا شکایات اور درخواستوں کے باوجود مقامی انتظامیہ نے سیوریج کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے کوئی سنجیدہ اقدام نہیں اٹھایا۔ لاکھوں روپے کے فنڈز جاری ہونے کے باوجود گٹروں کی صفائی، نکاسی آب اور ڈرینج سسٹم کی حالت جوں کی توں ہے۔ بارش کے بعد پانی کئی کئی دن سڑکوں پر جمع رہتا ہے، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ اس سنگین صورت حال سے پریشان شہریوں نے وزیر اعظم سے مداخلت کا مطالبہ کیا ہے۔

محلہ شاہنواز والہ مسائل کا گڑھ بن گیا، خستہ حال راستہ اور ٹوٹی پھوٹی گلیاں جوہڑوں کی شکل اختیار کر گئیں

اہل محلہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے



مصطفی آباد دلیانی (نامہ نگار) شہر کا محلہ شاہنواز والہ مسائل کا گڑھ بن گیا، خستہ حال راستہ اور ٹوٹی پھوٹی گلیاں جوہڑوں کی شکل اختیار کر گئیں جبکہ گندگی کی وجہ سے نالیوں کا بند رہنا معمول بن گیا، اہل محلہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے، تفصیل کے مطابق شہر کے محلہ شاہنواز والہ کو عرصہ سے نظر انداز کرنے کی وجہ سے وہاں کے باسیوں کی مشکلات میں شدید اضافہ ہو گیا ہے، خستہ راستہ اور گلیاں بارشوں کی وجہ سے زیر آب آجاتی ہیں جس کی وجہ سے محلہ دار اور راہگیر گندے پانی سے گزرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں جبکہ خاکروب محلہ میں مہینوں نظر نہیں آتے، وہاں جمع ہونے والی گندگی اور شاپروں کے پھنسنے سے نالیاں بند ہو جاتی ہیں، اس امر کے باعث گندا اور بدبودار پانی گھروں میں داخل ہو جاتا ہے، اس حوالے سے محلہ داروں محمد مجید، نصر اللہ، علی رضا، ذیشان اور دیگر نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ سیاست دان ہمارے محلہ کے مسائل کو یکسر طور پر نظر انداز کیے ہوئے ہیں، وہ الیکشن میں کامیاب ہونے کے بعد دوبارہ ادھر کا رخ نہیں کرتے جبکہ ہم میونسپل کمیٹی میں بھی متعدد بار تحریری درخواستیں دے چکے ہیں لیکن ہماری کہیں بھی شنوائی نہیں ہو رہی۔

شہید اعظم کانفرنس کی عظیم الشان کامیابی پر بزم حبیب کے زیر اہتمام اظہار تشکر اور مشاورتی اجلاس

ممتاز مزہبی اسکالر مفتی میاں محمد وقاص صدیق نقشبندی صاحب اور دیگر منتظمین کی کاوشوں کو سراہا گیا



مصطفی آباد (نیوز رپورٹ) اتحاد امت اور عشق حسینؓ کے فروغ کی عظیم مثال قرار دیا۔ مقررین نے بزم حبیب اور کانفرنس کے روح رواں میاں وقاص صدیق نقشبندی، حافظ محمد وحید اور ان کی ٹیم کی خدمات کو زبردست الفاظ میں سراہا۔ مقررین نے کہا کہ ایسے پروگرام معاشرے میں دین کی روشنی پھیلانے، محبت و یگانگت کا پیغام عام کرنے اور نوجوان نسل کو دین اسلام کی اصل تعلیمات سے روشناس کروانے کا موثر ذریعہ ہیں۔

شہید اعظم کانفرنس 2025 کی عظیم الشان کامیابی پر بزم حبیب کے زیر اہتمام ایک پُروقار اظہار تشکر و مشاورتی اجلاس اور اعتکاف کا انعقاد مصطفی آباد کے ایک جی میس ہال میں کیا گیا، جس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ اس اہم تقریب میں بطور مہمان خصوصی جن معزز شخصیات نے شرکت فرمائی ان میں شامل تھے حاجی امجد رحمانی، پیر الیاس بابا جی سرکار، مفتی فیضان قادری، میاں نوید اشرف اور دیگر نمایاں مذہبی، سماجی و صحافتی افراد۔ تمام مہمانان گرامی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے شہید اعظم کانفرنس کو دینی بیداری، اخوت

سانحہ سوات میں جاں بحق ہونے والے ڈسکہ کے متاثرین کے لواحقین کو مالی امداد فراہم کی گئی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سانحہ سوات میں جاں بحق ہونے والے ڈسکہ کے متاثرین کے لواحقین کو مالی امداد فراہم کی گئی ہے اور جاں بحق 10 افراد کے تین ورثاء کو بالترتیب 80، 80 اور 40 لاکھ روپے کے امدادی چیک ان کے گھروں میں جا کر دیے گئے۔ سوات میں آبی ریلے میں بہہ جانیوالے 10 میں سے نو افراد کی لاشیں مل چکی ہیں جبکہ ممن عبداللہ جو آبی ریلے میں بہہ گیا وہ تاحال لاپتا ہے امدادی چیکس صوبائی وزیر بلدیات اور رکن قومی اسمبلی سیدہ نوشین افتخار نے متاثرہ خاندانوں کو ان کی رہائش گاہ پر جا کر دیے۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی نوید، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی اور ایڈیشنل

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاک بھارت تعلقات

تین بیانات قابل غور ہیں۔ ایک، آئی ایس پی آر کے سربراہ نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کا ماسٹر مائنڈ اجیت دوول ہے۔ دوسرا بیان بھارتی چیف آف ڈیفنس سٹاف کا ہے کہ چین، پاکستان اور بنگلہ دیش کے مفادات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں جو علاقائی استحکام کو متاثر کر سکتے ہیں'۔ تیسرا بیان بلاول بھٹو زرداری کا ہے کہ پاکستان اور بھارت کو ماضی سے نکل کر مستقبل کی طرف قدم بڑھانا چاہیے۔ یہ تینوں بیانات اہم ہیں اور برصغیر کی سیاست میں کردار ادا کر سکتے ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ پاکستان و بھارت کے لیڈر ہوش کے ناخن لے کر غلطیوں سے سبق سیکھنا چاہتے ہیں یا وہ مسلسل ایک دوسرے کی دشمنی کو سیاسی ایجنڈا بنا کر عوام کو گمراہ کر کے علاقے کی سلامتی کے علاوہ خوشحالی کو یرغمال بنائے رکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ایک دوسرے کو پراکسی گروہوں سے ٹارگٹ کرنے کا طریقہ کوئی نیا نہیں ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان یہ سلسلہ طویل عرصہ سے جاری ہے۔ اس صورت حال میں دونوں ملکوں کو مل بیٹھ کر بات کر کے کوئی میکنزم تیار کرنے کی ضرورت تھی لیکن اس کی بجائے دوسرے کو قصوروار اور خود کو مظلوم قرار دے کر سیاسی ضرورتیں پورا کرنے کی کوشش تو کی گئی لیکن یہ سمجھنے سے گریز کیا کہ کسی تنازعہ کو ایک خاص حد تک ہی پروپیگنڈا یا سیاسی استحصال کا ذریعہ بنایا جا سکتا ہے۔ اس کے بعد یہ مسئلہ خود قومی مفادات کے لئے مہلک ثابت ہونے لگتا ہے۔ بھارت اس وقت ایسی ہی صورت حال کا شکار ہے۔ آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے الجزیرہ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ 'بھارت نے پاکستان کے خلاف ریاستی دہشت گردی کو ایک پالیسی کے تحت اپنایا ہوا ہے۔ بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے نیٹ ورک کا ماسٹر مائنڈ اجیت دوول ہے۔ امریکا اور کینیڈا سمیت کئی ممالک بھارتی ریاستی دہشتگردی کا اعتراف کر چکے ہیں'۔ اجیت دوول بھارتی وزیراعظم کے قومی سلامتی کے مشیر ہیں، اس طرح انہیں دفاعی اور خارجہ امور میں کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ وہ نریندر مودی کے معتمد خاص ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مئی 2014 سے وہ اس عہدے پر فائز ہیں۔ پاکستان کی طرف سے عام طور پر ملک میں ہونے والی دہشت گردی کے بارے میں بھارت پر الزام لگایا جاتا رہا ہے تاہم مارچ 2016 میں بلوچستان سے بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو کی حراست کے بعد سے پاکستان نے خاص طور سے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے بارے میں شکایات کی ہیں۔ اس سلسلہ میں ایک ڈوسیئر بھی اقوام متحدہ اور متعدد اہم ممالک کو فراہم کیا جا چکا ہے، جس میں پاکستانی حکام کے مطابق بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کی بھارتی سرپرستی کے ثبوت شامل ہیں۔ اس سال مارچ میں جعفر ایکسپریس پر ہونے والے حملہ میں خاص طور سے یہ واضح ہوا تھا کہ حملہ آور سیٹلائٹ فونز پر بھارتی ذرائع سے رابطہ میں تھے۔ بھارتی میڈیا نے حملہ آوروں کی فراہم کردہ معلومات پر مبنی ویڈیو بھی نشر کی تھیں۔ تاہم پہلی بار پاکستان نے بھارت میں اہم ترین عہدے پر فائز ایک شخص پر براہ راست الزام عائد کیا ہے۔ اس الزام کی اہمیت یوں بھی دوچند ہو جاتی ہے کہ یہ الزام پاک فوج کے ذمہ دار ترجمان نے ایک بین الاقوامی میڈیا چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے لگایا ہے۔ بھارت کی طرف سے ابھی تک اس کی تردید یا 'مذمت' سامنے نہ آنے کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ نئی دہلی کے لیے یہ الزام اچانک اور شدید نوعیت کا ہو جس کا جواب دینے کے لیے مناسب فورم اور الفاظ کا انتخاب مشکل ہو سکتا ہے۔ مئی میں بھارتی جارحیت کا جواب دینے کے بعد سے پاکستان نے دو باتوں پر اصرار کیا ہے۔ ایک: اب پاکستان میں دہشت گردی کو براہ راست بھارت سے منسلک کرتا ہے اور مختلف واقعات کے بارے میں معلومات دی جاتی ہیں کہ کیسے یہ کارروائیاں بھارتی سرپرستی میں انجام پاتی ہیں۔ حتیٰ کہ بلوچستان میں ہونے والی خوں ریزی کو بھی فتنۃ الہندوستان کا نام دیا گیا ہے۔

خاموشیوں میں ڈوبتا معاشرہ، تنہائی، بیٹیاں اور بکھرتے رشتے

تحریر: انعم ملک

گزشتہ دنوں چند المناک واقعات نے ہمیں نہ صرف چونکایا، بلکہ روح تک کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ کبھی سینئر اداکارہ عائشہ کی تنہائی میں بے بسی سے موت، کبھی نوجوان باصلاحیت لڑکی ثنا یوسف کا سفاکانہ قتل، کبھی فنکارہ حمیرا اظہر کی خاموش رخصتی، اور کبھی ایک ٹک ٹاک ویڈیو بنانے پر ایک معصوم بچی کی جان کا چلے جانا۔ یہ سب محض خبریں نہیں، بلکہ ایک مردہ ہوتے معاشرے کی گونجتی ہوئی آہیں ہیں۔

ہم ایک ایسے دور سے گزر رہے ہیں جہاں انسان کی سب سے بڑی دشمن تنہائی بن چکی ہے۔ ماضی میں جو تنہائی کبھی ذاتی سکون اور خودشناسی کا ذریعہ سمجھی جاتی تھی، آج وہی تنہائی دہشت، بربادی اور خاموش اموات کا سبب بن رہی ہے۔

رشتوں میں دراڑ اور جذباتی بانجھ پن، گھروں میں بولتی خاموشیاں، رشتوں میں دراڑیں، اور اپنوں کا اجنبی بن جانا، یہ سب ہمارے جذباتی زوال کی علامتیں ہیں۔ ماں باپ مصروف، اولاد اپنی دنیا میں، شوہر صرف ضرورتوں تک محدود، اور بہن بھائیوں کے درمیان فاصلوں کی دیواریں۔ یہی وہ خلیجیں ہیں جو جنریشن گیپ، عدم برداشت اور محبت کی کمی کو جنم دیتی ہیں۔



خاص طور پر بیٹیاں، ان کے لیے تو یہ معاشرہ ایک مسلسل سوال بن چکا ہے۔ بیٹیاں قربانی نہیں، زندگی کی حقدار ہیں۔ ہر بیٹی اپنے خواب، اپنی خواہشات، اپنی ترجیحات رکھتی ہے۔ وہ صرف بیٹی، بیوی، یا ماں نہیں، بلکہ ایک مکمل انسان ہے جسے اپنی شناخت کے ساتھ جینے کا حق ہونا چاہیے۔ بدقسمتی سے، جب وہ اپنے جذبات کا اظہار کرتی ہے، تو اکثر اسے حساس، ڈرامائی یا بے کار کہا جاتا ہے۔ وہ خاموش ہو جاتی ہے۔ اور وہی خاموشی، ایک دن اسے نگل لیتی ہے۔

سوشل میڈیا نے اس تنہائی کو مزید گہرا کر دیا ہے۔ لاکھوں فالوورز رکھنے والے لوگ جب دنیا سے رخصت ہوتے ہیں، تو کئی دن تک کسی کو خبر تک نہیں ہوتی۔ یہ وہ دنیا ہے جو بظاہر connected ہے، مگر اصل میں disconnected روحوں کا جنگل بن چکی ہے۔ ہر دلکش تصویر کے پیچھے ایک تھکا ہوا، بکھرا ہوا، اور ٹوٹا ہوا انسان چھپا ہوتا ہے۔ ہر دلکش تصویر کے پیچھے ایک تھکا ہوا، بکھرا ہوا، اور ٹوٹا ہوا انسان چھپا ہوتا ہے۔

ہماری روحانی تنزلی کی جڑ دین سے دوری ہے۔ اسلام نے رشتوں کی قدر کو ایمان کا حصہ قرار دیا، بیٹی کو رحمت کہا، اور انسانوں کے درمیان محبت، قربت اور ذمہ داری کو لازمی گردانا۔ مگر ہم نے دین کو رسومات تک محدود کر دیا، دلوں سے رشتہ توڑ دیا۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے، "مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے، نہ وہ اس پر ظلم کرتا ہے، نہ اسے تنہا چھوڑتا ہے۔" (صحیح مسلم)

مگر ہم نے ایک دوسرے کو تنہا چھوڑ دیا ہے۔ اور اسی کا نتیجہ ہے کہ آج بیٹیاں تنہا، والدین لاچار، نوجوان بے چین، اور معاشرہ بے حس ہو چکا ہے۔ مجھے موت سے نہیں، ایسی خاموش، لاوارث موت سے ڈر لگتا ہے جہاں کوئی پوچھنے والا نہ ہو، جنازے میں شامل ہونے والا نہ ہو، اور لاش کئی دن بعد بے سروسامانی میں ملے۔ کیا بیٹیوں کا، بزرگوں کا، ہم سب کا انجام یہی ہونا چاہیے؟ کیا ہم نے یہی معاشرہ تعمیر کیا تھا؟

اب بھی وقت ہے۔ ہمیں واپس لوٹنا ہو گا، رشتوں کی طرف، دین کی طرف، انسانیت کی طرف۔ کسی کی خاموشی کو سنیں، کسی کے چہرے کو غور سے دیکھیں، ہو سکتا ہے وہ مدد کی آخری دہلیز پر ہو۔ ہم سب کو عہد کرنا ہو گا کہ بیٹیوں کو جیتے جی عزت، وراثت اور پہچان دی جائے۔ والدین کو بڑھاپے میں تنہا نہ چھوڑا جائے۔ نوجوانوں کی بات سنی جائے، ان کے جذبات کو سنجیدگی سے لیا جائے اور سب سے بڑھ کر، ایک دوسرے کی موجودگی کو محسوس کیا جائے۔

پی ٹی آئی: تشویش کا شکار

پاکستان تحریک انصاف اور عمران خان موجودہ حالات پر تشویش کا شکار ہیں۔ یہ سچ ہے کہ 2013 کے بعد سے PTI کو کئی چیلنجز کا سامنا رہا ہے، بشمول تنظیمی ڈھانچے میں رکاوٹیں اور سیاسی مخالفت۔ عمران خان اور دیگر رہنماؤں کی گرفتاری کے بعد پارٹی کی قیادت اور کارکنوں کے لیے تحریک چلانا مشکل ہو گیا ہے۔



وکلاء کی قیادت میں تحریک چلانے کی کوششیں ہو رہی ہیں، لیکن سیاسی جدوجہد اور عدالتی جنگ ایک طویل اور پیچیدہ عمل ہے۔ وکلاء کی اہمیت اس لیے بھی ہے کہ وہ قانونی میدان میں پارٹی کے موقف کو مضبوطی سے پیش کر سکتے ہیں، لیکن سیاسی تحریک کو عوامی حمایت اور منظم تنظیم کاری کے بغیر کامیابی حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے۔

اگر PTI کو دوبارہ مضبوط ہونا ہے تو اسے نہ صرف قانونی جنگ لڑنی ہو گی، بلکہ عوامی رابطہ، سیاسی اتحاد اور تنظیمی ڈسپلن بھی بحال کرنا ہو گا۔ عوامی دباؤ اور بین الاقوامی توجہ بھی اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ لیکن یہ بات بھی بہت ضروری ہے کہ ایم این ایز اور ایم پی ایز کا سب سے پہلے باہر نکلنا بہت ضروری ہے۔ وہ صرف مراعات کے مزے لے رہے ہیں ۔۔ یا اسمبلیوں میں تھوڑا بہت شور شرابا کر کے جدوجہد کا دکھاوا کر لیتے ہیں۔ انہیں سب سے پہلے باہر نکلنا ہو گا۔۔ کارکن تو قربانی دیتے آئے ہیں ۔اب یہ لوگ قیادت کریں۔ کارکن بھی ان کے پیچھے نکلیں گے ۔۔ پھر عمران خاں اور دوسرے قیدیوں کی رہائی کے لئے کوششیں کارآمد ہو سکتی ہیں۔۔۔

ستر لاکھ مردہ فالورز کے بیچ ایک زندہ تنہا لاش

تحریر: حسین منصور

میں اور منٹو ایک سائے دار گلی میں کھڑے تھے، جہاں شام کا غبار دھیرے دھیرے مدھم ہو رہا تھا۔ وہ شہر، جو کبھی زندگی کی گہما گہمی سے گونجتا تھا، آج ایک ایسے واقعے کی گونج سے بھرا تھا جو دل کو خون کے آنسو رلاتا ہے۔ ہم سامنے ایک خاموش فلیٹ کی طرف دیکھ رہے تھے جہاں ایک عورت کی لاش پڑی تھی، حمیرا اصغر کی۔ یہ وہی حمیرا تھی جسے ستر لاکھ لوگ سوشل میڈیا پر فالو کرتے تھے، جس کی ہر تصویر ہزاروں بار لائک کی جاتی تھی، جس کی ہر ادا کو تعریف کی جاتی تھی، لیکن اب وہ ایک ایسی لاش تھی جسے کوئی زندہ نہ سمجھا، جسے کوئی زندہ نہ محسوس کر سکا۔ منٹو کی آنکھوں میں غم کے سوا کچھ نہیں تھا، اور اس کی سسکی سی محسوس ہو رہی تھی جیسے کہ یہ منظر اس کے اندر ایک دیرینہ زخم کو پھر سے چیر رہا ہو۔

منٹو نے میری طرف دیکھا اور دھیمی مگر گہری آواز میں کہا، "یہی ہے ہماری حقیقت، یہاں ستر لاکھ مردہ دلوں کے بیچ ایک زندہ تنہا لاش پڑی ہے۔ ستر لاکھ فالورز، ہزاروں تبصرے، مگر کسی کی ہمدردی کا سایہ نہیں۔ یہ وہ عورت تھی جس نے اپنی زندگی اپنی مرضی سے جینے کی کوشش کی، مگر آخر کار اس کی تنہائی نے اسے موت کے قریب پہنچا دیا۔ کیا یہ معاشرہ اس کا قصوروار نہیں کہ اس نے ایک انسان کو اتنی تنہائی میں چھوڑ دیا؟"

میں نے پوچھا، "منٹو بھائی، کیا یہ صرف حمیرا کی کہانی ہے؟ کیا یہ صرف ایک عورت کا المیہ ہے؟ یا یہ ہم سب کی کہانی ہے؟"

منٹو نے جھک کر مجھے قریب بلایا اور کہا، "یہ ہر اس انسان کی کہانی ہے جو تنہائی، بے بسی اور سماجی بے حسی میں دم توڑ دیتا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو بول نہیں سکتے، یا بولنے کی ہمت نہیں رکھتے۔ اور ہم سب، جو صرف نظارے دیکھتے ہیں، جنہوں نے محبت کو صرف دکھاوے تک محدود کر رکھا ہے، ہم سب اس المیے کے شریک ہیں۔"

میں نے آنکھیں بند کیں اور ایک منظر ذہن میں آیا۔ وہ یونیورسٹی کی وہ دہلیز جہاں حمیرا نے اپنے خواب سجائے تھے۔ وہاں ایک نوجوان لڑکی، جو خاموش تھی مگر دل میں آگ لیے پھرتی تھی۔ تھیٹر کے فن میں اپنی جگہ بنانے کی جستجو میں وہ دل لگا رہی تھی۔ اُس نے اپنے فن کو اپنی پہچان بنایا، مگر اپنی پہچان کو اپنے گھر والوں تک پہنچا نہیں سکی۔ وہ ایک ایسی دنیا میں زندہ تھی جہاں عورت کی آزادی پر سوال اٹھائے جاتے تھے، جہاں اس کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کیا جاتا تھا۔ میں نے سوچا، شاید وہی تنہائی کا پہلا بیج وہیں بویا گیا تھا، جہاں اس کی خودی کو پہچانا نہیں گیا۔



منٹو نے کہا، "آج بھی ہم اکثر ایسے لوگوں کو تنہا چھوڑ دیتے ہیں جو ہماری دنیا میں زندہ ہیں مگر ان کی روح تنہائی کے سمندر میں غرق ہے۔ وہ لوگ جو اپنی زندگی کے چہرے سوشل میڈیا پر سجاتے ہیں میں نے آنکھیں بند کیں اور ایک منظر ذہن میں آیا۔ وہ یونیورسٹی کی وہ دہلیز جہاں حمیرا نے اپنے خواب سجائے تھے۔ وہاں ایک نوجوان لڑکی، جو خاموش تھی مگر دل میں آگ لیے پھرتی تھی۔ تھیٹر کے فن میں اپنی جگہ بنانے کی جستجو میں وہ دل لگا رہی تھی۔ اُس نے اپنے فن کو اپنی پہچان بنایا، مگر اپنی پہچان کو اپنے گھر والوں تک پہنچا نہیں سکی۔ وہ ایک ایسی دنیا میں زندہ تھی جہاں عورت کی آزادی پر سوال اٹھائے جاتے تھے، جہاں اس کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کیا جاتا تھا۔ میں نے سوچا، شاید وہی تنہائی کا پہلا بیج وہیں بویا گیا تھا، جہاں اس کی خودی کو پہچانا نہیں گیا۔

منٹو نے کہا، "آج بھی ہم اکثر ایسے لوگوں کو تنہا چھوڑ دیتے ہیں جو ہماری دنیا میں زندہ ہیں مگر ان کی روح تنہائی کے سمندر میں غرق ہے۔ وہ لوگ جو اپنی زندگی کے چہرے سوشل میڈیا پر سجاتے ہیں، مگر دل کے زخم چھپاتے ہیں۔ کیا ہم نے کبھی سوچا کہ ان ستر لاکھ فالورز میں سے کتنے واقعی اس کی فریاد سن پاتے؟ کتنے اس کے دکھ میں شریک ہوتے؟"

میں نے دل ہی دل میں سوچا کہ کتنے انسان ایسے ہوتے ہیں جنہیں ہم جانتے بھی نہیں، مگر انہیں ایک تصویر یا لفظ کی بنیاد پر اپنی رائے دے کر ٹکڑے کر دیتے ہیں۔ حمیرا کی زندگی کا یہ حال تھا کہ وہ سب کے سامنے تھی، مگر حقیقت میں اکیلی تھی۔ یہ ہمارا سماج ہے جو ظاہری رنگ دیکھ کر فیصلے کرتا ہے، اور اندر چھپے درد کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ منٹو نے پھر کہا، "یہاں سب سے بڑا ظلم یہ ہے کہ مرنے کے بعد بھی کوئی اس عورت کی عزت کے لیے کھڑا نہیں ہوتا۔ اس کے گھر والے بھی اس کی لاش وصول کرنے سے انکار کرتے ہیں، کیونکہ یہ ان کے لیے ایک مسئلہ بن گئی تھی۔ یہ کہاں کی محبت ہے؟ کہاں کی انسانیت ہے؟ اور ہم نے یہ سچ اپنے دلوں سے کب نکال دیا؟"

میں نے کہا، "ہم سب کچھ جانتے ہیں، مگر کوئی کچھ نہیں کرتا۔ ہم سب میں خوف، جھجک، اور بے حسی چھپی ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک عورت ستر لاکھ مردہ فالورز کے درمیان بھی زندہ لاش بن کر پڑی رہتی ہے۔"

منٹو نے سر ہلاتے ہوئے کہا، "یہ وہ معاشرہ ہے جہاں لوگ دکھاوے کے سوا کچھ نہیں کرتے۔ جہاں لوگ لائکس اور شیئرز کے لیے دوسروں کی درد بھری کہانیاں سننے کو تیار نہیں ہوتے۔ یہاں محبت نہیں، صرف دلچسپی ہے، اور دلچسپی ختم ہوتے ہی انسانیت بھی ختم ہو جاتی ہے۔"

میں نے کہا، "تو پھر ہم کیا کریں؟ کیا کوئی راستہ ہے؟ کیا کوئی امید ہے؟"

منٹو نے دھیمی مسکراہٹ کے ساتھ کہا، "ہر امید کا آغاز خود سے ہوتا ہے۔ جب ہم دوسروں کے درد کو سمجھنا شروع کریں گے، جب ہم سچ کو چھپانے کے بجائے کھولیں گے، تب کہیں جا کے ایسے مناظر کم ہوں گے۔ یہ عورتوں کی، انسانوں کی کہانی ہے۔ اگر ہم اسے سنیں گے تو شاید ہماری دنیا بدل جائے۔"

میں اور منٹو وہاں کھڑے تھے، ایک ایسے وقت اور جگہ پر جہاں دنیا کی روشنیاں مدھم پڑ گئی تھیں، لیکن دلوں میں کچھ سچائی کی چمک باقی تھی۔ ہم نے دیکھا کہ ستر لاکھ مردہ فالورز کے بیچ، ایک زندہ تنہا لاش پڑی ہے، جس کی آواز کو کوئی نہیں سن رہا۔ مگر ہمیں یقین تھا کہ جب تک ہم اس سچائی کو چھپائیں گے، ایسے مناظر دھوپ کی طرح بار بار آئیں گے۔ اور جب تک ہم اس تنہائی کو توڑنے کا عزم نہیں کریں گے، یہ زندہ لاشیں ہمارے درمیان موجود رہیں گی۔

یوٹیوب چینلز پر پابندی کا معاملہ

اسلام آباد کی ایک عدالت نے 27 یوٹیوب چینلز پر پابندی لگانے کا حکم دیا ہے۔ ان میں سے بعض چینلز کے مالکان نے بی بی سی اردو سے بات کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں سنے اور اپنا مقدمہ پیش کرنے کا موقع دیے بغیر یہ حکم دیا گیا ہے۔ تاہم ان قانونی موشگافیوں سے قطع نظر اس معاملہ کو آزادی رائے اور اظہار کے لیے ذمہ داریوں کے حوالے سے دیکھنا ضروری ہے۔ یہ حکم ایک عدالت نے پاکستان میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی درخواست پر جاری کیا ہے۔ اس لیے یہ دیکھنا بھی ضروری ہے کہ کیا حکومت ایسے سخت قوانین نافذ کر چکی ہے جن کے تحت عدالتیں کسی صحافی یا شہری کے اظہار کا حق سلب کرنے پر مجبور ہیں؟ واضح رہے اس سے پہلے ایف آئی اے کے تحت سائبر کرائم ونگ ایسی قانونی خلاف ورزیوں کی نگرانی کرتا تھا تاہم پیکا ایکٹ میں ترامیم کے بعد یہ طریقہ ختم کر کے این سی سی آئی اے کی صورت میں ایک نئی ایجنسی قائم کی گئی تھی۔ یہی ایجنسی اب سائبر کرائم سے متعلق جرائم کی تحقیقات کرتی ہے۔ ملک میں صحافی و انسانی حقوق کی تنظیمیں پیکا ایکٹ میں ترامیم کی مخالفت کرتی رہی ہیں لیکن کسی اعلیٰ عدالت نے ان ترامیم کو مسترد نہیں کیا۔ اس حوالے سے یہ واضح کرنا بھی ضروری ہے کہ 27 یوٹیوب چینلز پر پابندی کا عدالتی حکم ہی جاری ہوا ہے، حکومت کی طرف سے شاید اس حکم پر عمل درآمد کے لیے باقاعدہ کارروائی نہیں کی گئی۔ یعنی حکومتی سطح پر یوٹیوب انتظامیہ سے رابطہ کر کے ان چینلز کی نشریات کو پاکستان میں بند کرنے کی درخواست نہیں دی گئی۔ ایسی کسی حکومتی کوشش کے بعد ہی دیکھا جا سکے گا کہ کیا پاکستان میں بھی یوٹیوب کے مفادات اسے حکومت سے تعاون کرنے پر اسی طرح مجبور کرتے ہیں جیسے اسے بھارت میں حکومت کی بات مانتے ہوئے تعاون کرنا پڑا تھا۔ یا یوٹیوب کی انتظامیہ پاکستان کے حوالے سے مختلف حکمت عملی اختیار کرے گی۔ اس صورت میں بھی حکومت کے پاس ایسے تکنیکی انتظامات موجود ہوتے ہیں کہ وہ اپنے طور پر بعض چینلز کی نشریات عام لوگوں تک پہنچنے سے روکے۔ لیکن دوسری طرف ایسی حکومتی مداخلت ہر صورت میں کامیاب بھی نہیں ہوتی۔ پاکستانی حکومت نے ایکس کو قومی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیتے ہوئے ملک میں بند کیا ہوا ہے لیکن لوگ وی پی این کے ذریعے اسے استعمال کرتے ہیں۔ بلکہ حکومت کے متعدد وزرا اور اعلیٰ عہدیدار اسی پلیٹ فارم سے لوگوں تک بات پہنچاتے ہیں۔ اس لیے یوٹیوب چینلز پر پابندی کے باوجود لوگ شاید تکنیکی طور سے اس پابندی سے بچنے یا نشریات بند ہونے کے باوجود وی پی این جیسے طریقے سے انہیں دیکھنے میں کامیاب رہیں۔ ایسے صورت میں عدالتی حکم اور اس کے نتیجے میں کوئی حکومتی کارروائی مذاق بن کر رہ جائے گی۔ اس قسم کے اقدامات مخالف آوازوں کو دبانے اور آزادی رائے پر حملہ قرار پائیں گے۔ اس کے علاوہ حکومت اور ان اداروں کے خلاف فضا ہموار کرنے کی کوشش کی جائے گی، جن کی 'حفاظت' کے نقطہ نظر سے پابندی لگوائی جا رہی ہے۔ کسی نام نہاد جمہوری حکومت پر اختلاف رائے روکنے کے لیے صلاحیتیں صرف کرنے کا الزام سنگین ہوتا ہے۔ کیوں کہ جمہوریت کسی خاص رائے کو ماننے اور اس سے اختلاف کرنے کے عمل سے گزر کر ہی کامیاب ہوتی ہے۔ پاکستان میں اگرچہ منتخب حکومت کام کر رہی ہے لیکن اسے لوگوں کا اعتبار حاصل نہیں ہے۔ اس کے طریقہ انتخابات کے بارے میں اعتراضات موجود ہیں لیکن چونکہ مخالف سیاسی قوتیں کسی قانونی یا سیاسی ہتھکنڈے سے موجودہ نظام کو چیلنج کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکیں، اس لیے حکومت نے اسے اپنی طاقت سمجھتے ہوئے خود کو جواب دہی کے لیے پیش کرنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کی۔ بطور خاص اس کا مظاہرہ مخصوص نشستوں کے بارے میں ایک عدالتی فیصلے کو مسترد کرنے اور دوسرا موافق فیصلہ آنے کے بعد اسے فوری طور سے نافذ کرانے اور اس سے استفادہ کرنے کے عمل میں دیکھا جا سکتا ہے۔

مخصوص نشستوں میں تحریک انصاف کے حق پر قبضہ کرنے کے بعد تو حکومتی پارٹیاں اب قومی اسمبلی میں دو تہائی اکثریت کے زعم میں مبتلا دکھائی دیتی ہیں۔ اسی لیے خیبر پختون خوا کی حکومت کے بارے میں میڈیا میں طرح طرح کی افواہیں گشت کر رہی ہیں۔ صوبے میں 21 جولائی کو سینیٹ کی 11 نشستوں کے لیے انتخابات ہوں گے۔ لیکن مخصوص سیٹوں کی 'غیر منصفانہ' تقسیم کے علاوہ ملک میں ارکان اسمبلی کو ترغیب و تحریص سے وفاداری تبدیل کرنے کی روایت موجود رہی ہے۔ اس وجہ سے بھی نتائج سامنے آنے پر ہی حکومتی ارادوں اور تحریک انصاف کے ارکان کی وفاداری کا علم ہو سکے گا۔

یہ سمجھنے کے لیے کہ حکومت کو اختلافی رائے کیوں چبھتی ہے اور ملک میں انسانی حقوق اور شہری آزادیوں کی حفاظت کے لیے آزادی رائے کیوں اہم ہے، اس سارے پس منظر کو ذہن میں رکھنا بے حد ضروری ہے۔ کسی حکومت کو جو ملک میں آئینی و انتخابی انتظام کے نتیجہ



میں اقتدار سنبھالنے میں کامیاب ہوئی ہے، اسے ہرگز کسی رائے کو دبانے یا اسے نشر کرنے کے حق پر پابندی لگانے کا حق نہیں دیا جا سکتا۔ اسی تناظر میں پیکا ایکٹ میں ترامیم کی مخالفت بھی دیکھنے میں آئی تھی۔ ان حالات میں یہ دلیل ناقص اور ناقابل قبول ہے کہ موجودہ جمہوری انتظام درحقیقت ہائبرڈ ہے جسے عسکری قیادت کی اعانت سے چلایا جا رہا ہے۔ اسی لیے پابندیوں کا الزام سیاسی حکومت کی بجائے عسکری اداروں پر عائد ہونا چاہیے۔ یہ دلیل اس صورت میں تو قابل قبول ہو سکتی ہے جب کوئی سیاسی قیادت یہ کہتے ہوئے اقتدار سے الگ ہو جائے کہ وہ اداروں کے دباؤ؟ ڈکٹیشن اور یک طرفہ فیصلوں کی وجہ سے امور حکومت چلانے میں کامیاب نہیں ہو سکی۔ صرف اسی صورت میں اس حقیقی صورت حال کا علم ہو سکتا ہے جس کی آڑ میں شہری آزادیوں کو دبانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ البتہ جب کوئی حکومت پورے اعتماد سے کام کر رہی ہو اور سیاسی جوڑ توڑ یا ریشہ دوانیوں کا سلسلہ بھی جاری ہو تو یہ حجت بے بنیاد ہو گی کہ کسی 'کٹھ پتلی' حکومت کو آزادیوں پر شب خون مارنے کا الزام نہ دیا جائے۔ یوٹیوب چینلز پر حالیہ پابندی پیکا ایکٹ میں ترامیم کے نتیجے میں قائم ہونے والے ادارے کی تحقیقات کے نتیجے میں عائد ہوئی ہے اور اسی قانون کے تحت ہی کسی جج نے اس پابندی کا حکم جاری کیا ہے۔ یہ ترامیم کسی حکم نامہ کی صورت میں نافذ نہیں ہوئیں بلکہ ملک کی 'منتخب' پارلیمنٹ سے منظور ہو کر منتخب صدر کے دستخط کے بعد قانون کا حصہ بنی ہیں۔

بیشتر یوٹیوبرز جن پر پابندیاں عائد کی گئی ہیں، ان کی رائے، تبصرے، معلومات کے بارے میں دوٹوک الفاظ میں کہا جا سکتا ہے کہ یہ موجودہ حکومتی انتظام کے خلاف اور تحریک انصاف کے سیاسی ایجنڈے کے فروغ کے لیے کام کرتے ہیں۔ کچھ ایسے یوٹیوبرز جو جانتے ہیں کہ پاکستان میں رہتے ہوئے وہ اپنا ہر قسم کا مواد نشر نہیں کر سکیں گے، ایک ایک کر کے بیرون ملک روانہ ہو چکے ہیں۔ جبکہ بعض ابھی بھی پاکستان سے ہی یہ کام کر رہے ہیں۔ اس معاملہ کا یہ پہلو بھی اہم ہے کہ یوٹیوب چینلز ناظرین کی تعداد کے حساب سے آمدنی حاصل کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ اس لیے بیشتر صورتوں میں اشتعال انگیز، نفرت پر مبنی، حقائق کے برعکس مواد نشر کیا جاتا ہے یا شخصیات کے خلاف ہتک آمیز لب و لہجہ اختیار کیا جاتا ہے تاکہ اس رائے کے حامل لوگ زیادہ سے زیادہ تعداد میں انہیں دیکھیں اور ان کی آمدنی میں اضافہ ہو۔ شخصیات کے خلاف ہتک آمیز لب و لہجہ اختیار کیا جاتا ہے تاکہ اس رائے کے حامل لوگ زیادہ سے زیادہ تعداد میں انہیں دیکھیں اور ان کی آمدنی میں اضافہ ہو۔

یہ صورت پیدا ہونے کی سب سے بڑی وجہ یوٹیوب چینلز کی نشریات کے لیے کسی کوڈ آف کنڈکٹ یا ادارتی اصول کی عدم موجودگی ہے۔ ایک شخص اپنا مواد تیار کر کے نشر کر دیتا ہے اور اسے اس کی سچائی، اصابت یا اخلاقی اصولوں سے مطابقت کا خیال رکھنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ متعلقہ شخص خود ہی اینکر، پروڈیوسر، ایڈیٹر اور ان نشریات سے حاصل ہونے والی آمدنی کا مالک ہوتا ہے۔ اس طرح ان چینلز میں مفادات کے ٹکراؤ؟ کی صورت حال عام طور سے ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ کسی یوٹیوبر کے لئے بطور صحافی کسی صلاحیت کا ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔ کوئی شخص اعلیٰ تعلیم یافتہ ہو سکتا ہے اور کوئی ان پڑھ بھی مائک ہاتھ میں پکڑ کر ملکی معاملات کا ماہر قرار پا سکتا ہے۔

یقیناً ایسے سب لوگوں کو بھی آزادی رائے کے اصول کے تحت تحفظ حاصل ہونا چاہیے لیکن اگر اس حق کا استعمال کرنے والے اظہار کی آزادی کے لیے عائد ذمہ داری سمجھے یا قبول کرنے سے انکار کریں گے تو یہ لوگ خود ہی سرکاری غیظ و غضب کو دعوت دینے کا سبب بنتے ہیں۔ رائے کی آزادی لینے کے لیے سچ بولنے، درست معلومات فراہم کرنے اور نجی زندگی کو موضوع بحث بنانے سے گریز کے اصول کو ماننا بھی ضروری ہے۔ بدقسمتی سے پابندی کا نشانہ بننے والے بیشتر چینلز ایسی احتیاط ضروری نہیں سمجھتے۔ اس کے باوجود چینلز بند کرانے کا حکم ایک انتہائی اقدام ہے۔ البتہ پابندی کی زد میں آئے ہوئے چینلز کو اس لڑائی کو آگے بڑھانے سے پہلے اپنی نشریات کو مسلمہ صحافتی اصولوں پر پرکھنے کا طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔

جنگ: انڈیا کی جگ ہنسائی سے بچنے کی کوششیں

تحریر: محمد مہدی

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے یہ بالکل درست کہا ہے کہ انڈیا صرف اپنی شکست کو تسلیم کرنے سے گریزاں حکمت عملی کو اختیار کرتے ہوئے پاکستان کے دیگر دوست ممالک کو اس خالص دو طرفہ تصادم میں شامل کرنا چاہتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جب میدان جنگ میں پاکستان نے انڈیا کو دھول چٹا دی تو اس شکست کے اسباب کو ایک دوسرے کے سر منڈھ دینا شکست کی نفسیات میں سے ہوتا ہے اور انڈیا میں اس وقت یہ ہی ہو رہا ہے کیوں کہ نا کامی ہمیشہ یتیم ہوتی ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ انڈیا اس جگ ہنسائی سے بچنے کے لئے کہ اسی ارب ڈالر اپنے لوگوں سے کشید کر کے غیر ملکی اسلحہ کی مد میں خرچ کر کے بھی ان





SHOWBIZ



پیرس فیشن ویک کے حصے کے طور پر ایک ماڈل زہیر مراد ہاؤٹ کوچر فال رونٹر 2025/2026 شو کے دوران رن وے پر چل رہی ہے

ماورا حسین کی ذہنی دباؤ کے شکار ساتھی فنکاروں کو مدد کی پیشکش

آپ میرے دوست ہیں یا انڈسٹری سے تعلق رکھتے ہیں اور آپ کسی پریشانی میں مبتلا ہیں تو براہِ مہربانی مجھ سے رابطہ کریں



لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ ماورا حسین نے ذہنی دباؤ یا مشکلات میں مبتلا ساتھی فنکاروں کو مدد کی پیشکش کر دی۔ گزشتہ ماہ سینئر اداکارہ عائشہ خان کی اور اب گزشتہ روز اداکارہ حمیرا اصغر علی کی ایک ماہ پرانی لاش ان کے گھر سے برآمد ہونے کے معاملے پر پوری شوبز انڈسٹری سوگ میں مبتلا ہے۔ اداکارہ ماورا حسین نے حمیرا اصغر کی المناک موت پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے انٹرٹینمنٹ انڈسٹری سے وابستہ ذہنی دبا کے شکار فنکاروں کو مدد کی پیشکش کر دی۔ انہوں نے فوٹو زاینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسٹوری شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ اگر میں آپ کو جانتی ہوں، آپ میرے دوست ہیں یا انڈسٹری سے تعلق رکھتے ہیں اور آپ کسی پریشانی میں مبتلا ہیں تو براہِ مہربانی مجھ سے رابطہ کریں، میں وعدہ کرتی ہوں کہ آپ کو بغیر جج کئے سمجھوں گی، آپ کی بات سنوں گی۔ انہوں نے لکھا کہ میں آپ کے ساتھ مہربان رہوں گی، میں اپنی صلاحیت کے مطابق آپ کی مدد کرنے کی ہر ممکن کوشش کروں گی، ہر روز ایک بری خبر آتی ہے۔ آیئے ایک بار پھر ایک کمیونٹی بنیں۔ انسانوں کو انسانوں کی ضرورت ہے، خوش قسمتی سے میری زندگی میں انڈسٹری کے اندر اور باہر چند ایسے لوگ موجود ہیں لیکن دباحقیقتی ہے بلخصوص اگر آپ اپنی زندگی کسی نازک دور سے گزر رہے ہوں تو۔ انہوں نے یہ بھی لکھا کہ میں ماہر تو نہیں لیکن ایک اچھی سننے والی ہوں، اگر کوئی میرا پیغام پڑھ رہا ہے اور وہ کسی پریشانی میں مبتلا ہے تو مجھ سے رابطہ کریں، سب سے اہم بات یہ ہے کہ زندگی سے اللہ تعالی کا دیا ہوا سب سے زیادہ خوبصورت اور قیمتی تحفہ ہے۔ براہِ کرم کمزور و حساس ہونے پر شرمندہ نہ ہوں، ہم سب ہیں۔

حمیرا اصغر کا انتقال، نادیہ حسین کا لڑکیوں کو مفت مشورہ

اپنی زندگی کا کنٹرول خود سنبھالیں اور اپنی فیملی، دوستوں یا جس سے آپ کا بھروسے کا رشتہ ہو، ان سے مسلسل رابطے میں رہیں



لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ اور ماڈل نادیہ حسین نے حال ہی میں انتقال کر جانے والی ماڈل و اداکارہ حمیرا اصغر کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے، لڑکیوں کو زندگی سے متعلق ایک اہم مشورہ دیا ہے۔ نادیہ حسین نے انسٹاگرام پر جاری کردہ ویڈیو پیغام میں کہا کہ حمیرا کی خبر سن کر دل بہت افسردہ ہے، اللہ پاک ان کو جنت میں جگہ عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ حمیرا کا تعلق شوبز انڈسٹری سے تھا، وہ ماڈلنگ کرتی تھیں اور بعد ازاں اداکاری کی طرف بھی آئیں، حمیرا شاید جدوجہد کے مرحلے سے گزر رہی تھیں اور اکیلی زندگی گزار رہی تھیں۔ نادیہ نے کہا کہ یہ افسوس صرف اس لیے نہیں کہ وہ ہماری انڈسٹری سے وابستہ تھیں، بلکہ اس لیے بھی کہ ہماری معاشرتی حقیقت ہے کہ بہت سی لڑکیاں خاندانی سپورٹ اور اعلیٰ تعلیم کے بغیر مواقع سے محروم رہ جاتی ہیں اور انہیں اپنے پیروں پر کھڑا ہونا نہایت مشکل ہو جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے دور میں اکیلے جدوجہد کرنا خاصا مشکل ہو گیا ہے، خاص طور پر خواتین کے لیے۔ نادیہ حسین نے تمام لڑکیوں کو مخاطب کرتے ہوئے مشورہ دیا کہ اپنی زندگی کا کنٹرول خود سنبھالیں اور اپنی فیملی، دوستوں یا جس سے آپ کا بھروسے کا رشتہ ہو، ان سے مسلسل رابطے میں رہیں۔

دبئی کی شہزادی شیخہ مہرہ اور مشہور امریکی ریپر فرنچ مونٹانا کی ڈیٹنگ کی خبریں گرم

شیخہ مہرہ نے انسٹاگرام اسٹوری میں ایفل ٹاور کے سامنے ایک ''لولاک'' تھامے ہوئے تصویر شیئر کی ہے

پیرس (این این آئی) پیرس میں ملاقات کے بعد دبئی کی شہزادی شیخہ مہرہ اور مشہور امریکی ریپر فرنچ مونٹانا کے قریبی تعلقات کی خبریں سوشل میڈیا پر گردش کرنے لگیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق دبئی کے حکمران محمد بن راشد المکتوم کی بیٹی، شیخہ مہرہ اور مشہور امریکی ریپر فرنچ مونٹانا کے درمیان قریبی تعلقات کی خبریں میڈیا کی توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ دونوں شخصیات کو حال ہی میں پیرس فیشن ویک میں ایک ساتھ دیکھا گیا، جہاں وہ مختلف نجی تقریبات اور فیشن شوز میں شریک ہوئے۔ شیخہ مہرہ نے انسٹاگرام اسٹوری میں ایفل ٹاور کے سامنے ایک ''لولاک'' تھامے ہوئے تصویر شیئر کی ہے جو اکثر رومانوی جذبات کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ یاد رہے کہ دبئی کی شہزادی شیخہ مہرہ کاروباری دنیا میں بھی اپنا نام بنا رہی ہیں۔ انہوں نے حال ہی میں مہرا M1 کے نام سے پرفیومز کی ایک بزنس چین متعارف کروائی، جس کا پہلا پرفیوم ''ڈائیورس'' ہے، جس کی قیمت 272 ڈالر رکھی گئی ہے۔ یہ پرفیوم ان کی اپنے شوہر شیخ مانا بن محمد المکتوم سے 2024 میں طلاق کے بعد لانچ کیا گیا تھا۔ ان دونوں کی ایک بیٹی بھی ہے جو مئی 2024 میں پیدا ہوئی تاہم اس کے بعد دونوں میں علیحدگی ہوگئی۔ دوسری جانب امریکی ریپر فرنچ مونٹانا جن کا اصل نام کریم خربوش ہے، اپنے ہٹ گانوں اور افریقی و مشرق وسطی میں فلاحی سرگرمیوں کی وجہ سے بھی جانے جاتے ہیں۔



روینہ ٹنڈن جہاز میں شردھا کپور کی خفیہ ویڈیو بنانے پر پھٹ پڑیں

سوشل میڈیا پر مذکورہ ویڈیو وائرل ہوئی جسے فلائٹ اسٹاف کی جانب سے بنایا گیا



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی سینئر اداکارہ روینہ ٹنڈن دوران پرواز اداکارہ شردھا کپور اور ان کے بوائے فرینڈ کی بغیر اجازت بنائی گئی ویڈیو پر برس پڑیں۔ گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر مذکورہ ویڈیو وائرل ہوئی جسے فلائٹ اسٹاف کی جانب سے بنایا گیا، اس میں دیکھا گیا کہ شردھا اور مصنف راہول مودی طیارے میں اکٹھے سفر کر رہے تھے، دونوں ایک ساتھ بیٹھے تھے کہ اس دوران ایک کریو ممبر نے خفیہ طور پر ان کی ویڈیو ریکارڈ کی۔ ویڈیو کلپ میں شردھا کپور اور راہول آپس میں بات کر رہے ہیں، اس دوران شردھا اپنا فون راہول کو دکھاتی ہیں، کریو ممبر پہلے مسکرائی اور پھر فون کا کیمرہ ان دونوں کی جانب کر دیا، ویڈیو کے اختتام پر کیمرہ شردھا پر زوم کیا گیا۔ انڈیا فورمز کی جانب سے انسٹاگرام پیج پر شیئر کی گئی اس ویڈیو پر اداکارہ روینہ ٹنڈن نے لکھا عملے کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ یہ پرائیویسی کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی ریکارڈنگ کے لیے رضامندی لینا ضروری ہے، عملے کے ارکان سے یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ ایسا کریں۔ اس کے علاوہ سوشل میڈیا صارفین نے بھی کریو کی اس حرکت پر سخت تنقید کی۔

اے آئی کا کمال، دانش نواز کی شاہ رخ خان کے ساتھ سیلفی مرکز نگاہ

تصویر جیسے ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، صارفین نے مزاحیہ تبصرے شروع کر دیئے

کراچی (این این آئی) دانش نواز کی شاہ رخ خان کے ساتھ سیلفی کے چرچے ہونے لگے، سوشل میڈیا صارفین دلچسپ تبصرے کرتے نظر آئے۔ پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے نامور اداکار، ہدایت کار اور میزبان دانش نواز اپنی اداکاری اور ہدایت کاری کی وجہ سے جانے جاتے ہیں۔ ان دنوں وہ اپنے ڈرامے سانول یار پیا کی ہدایت کاری کر رہے ہیں جس میں فیروز خان اور درفشاں شامل ہیں۔ حال ہی میں دانش نواز نے شاہ رخ خان کے ساتھ ایک تصویر اپنے انسٹاگرام پر شیئر کی، جس میں وہ سیلفی لیتے نظر آ رہے ہیں اور ساتھ میں بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان خوش دلی سے پوز دے رہے ہیں لیکن حقیقت میں یہ تصویر اے آئی (مصنوعی ذہانت) کے ذریعے اسنیپ چیٹ یا چیٹ جی پی ٹی سے تیار کی گئی ہے۔ یہ تصویر جیسے ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، صارفین نے مزاحیہ تبصرے شروع کر دیے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ لگتا ہے شاہ رخ خان دانش نواز کے فین ہیں اور ان کے ساتھ تصویر لینے کی خواہش پوری کر رہے ہیں۔ ایک نے کہا کہ یہ تو اصلی ساحر لودھی کے ساتھ جعلی شاہ رخ خان کی تصویر لگ رہی ہے۔ صارفین نے یہ بھی لکھا کہ شاہ رخ خان نے انٹرویو میں کہا تھا کہ وہ دانش نواز کے بہت بڑے فین ہیں، اب آخر کار ان کی ملاقات ہوگئی۔ کچھ صارفین نے تو اے آئی تصویروں کے کمالات پر حیرت کا اظہار بھی کیا۔



ادا کارہ حمیرا اصغر کی لاش ملنے کا معاملہ، ہوشربا انکشافات سامنے آنے لگے

،اداکارہ کے موبائل فونز میں آخری میسج نجی آن لائن ٹیکسی ڈرائیور کا ہے، ایس ایس پی ساؤتھ

ممکنہ طور پر اگر کوئی دوسرا موبائل فون ہے تو اس کی تلاش جاری ہے، اداکارہ کے موبائل فونز میں آخری میسج نجی آن لائن ٹیکسی ڈرائیور کا ہے

کراچی (این این آئی) اداکارہ حمیرا اصغر کی لاش ملنے کا معاملہ، تحقیقات میں ہوشربا انکشافات سامنے آنے لگے۔ ایس ایس پی ساؤتھ مہر ور علی نے بتایا کہ ڈیفنس فیز 6 سے ملنے والی اداکارہ حمیرا اصغر کی لاش ممکنہ طور پر 6 ماہ سے زائد پرانی لگتی ہے، حتمی طور پر حقائق میڈیکل رپورٹ میں سامنے آئیں گے۔ مہر ور علی نے کہا کہ اداکارہ کے فلیٹ سے ملنے والے کھانے پینے کے سامان پر ایکسپائری تاریخ 2024 کی درج ہے، اداکارہ کے فلیٹ سے ملنے والا سامان 2024 کے آخری ماہ میں ایکسپائر ہو چکا ہے۔ ایس ایس پی ساؤتھ نے بتایا کہ اداکارہ کے فون ریکارڈ میں بھی آخری کالز اور میسجز 2024 کے ہیں، اداکارہ کے فون کے میسجز ستمبر اور اکتوبر 2024 کے ہیں۔ مہر ور علی نے کہا کہ ممکنہ طور پر اگر کوئی دوسرا موبائل فون ہے تو اس کی تلاش جاری ہے، اداکارہ کے موبائل فونز میں آخری میسج نجی آن لائن ٹیکسی ڈرائیور کا ہے۔ ایس ایس پی ساؤتھ نے مزید بتایا کہ اداکارہ کے گھر کی بجلی بھی کافی عرصے سے کٹی ہوئی ہے، اداکارہ کا فلیٹ کا مالک سے آخری رابطہ بھی 2024 میں ہوا تھا۔ مہر ور علی نے کہا کہ اب تک کی میڈیکل رپورٹ میں اداکارہ کے جسم پر کوئی نشانات موجود نہیں ہیں۔ ممکنہ طور پر اگر کوئی دوسرا موبائل فون ہے تو اس کی تلاش جاری ہے، اداکارہ کے موبائل فونز میں آخری میسج نجی آن لائن ٹیکسی ڈرائیور کا ہے



پیرس فیشن ویک کے حصے کے طور پر ایک ماڈل زہیر مراد ہاؤٹ کوچر فال رونٹر 2025/2026 شو کے دوران رن وے پر چل رہی ہے

یوٹیوب کی نئی پالیسی، پاکستانی یوٹیوبرز کیلئے خطرے کی گھنٹی بج گئی

یوٹیوب نے اپنی پارٹنر پروگرام مونیٹائزیشن پالیسی میں 15 جولائی سے اہم تبدیلیوں کا اعلان کیا ہے

نیویارک (این این آئی) یوٹیوب کی نئی مونیٹائزیشن پالیسی کے تحت غیر مستند اور اے آئی سے بنے مواد پر مونیٹائزیشن خطرے میں پڑ گئی۔ یوٹیوب نے اپنی پارٹنر پروگرام مونیٹائزیشن پالیسی میں 15 جولائی سے اہم تبدیلیوں کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد غیر مستند، دہرائے گئے اور بڑے پیمانے پر تیار کردہ اے آئی مواد کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ یہ اقدام ان کانٹینٹ کریئیٹرز کے لیے خطرے کی گھنٹی بن گیا ہے جو اپنی ویڈیوز میں اصل تخلیقی مواد کے بجائے ٹیمپلیٹس یا AI ٹولز کا استعمال کرتے ہیں۔ یوٹیوب کی آفیشل اپ ڈیٹ کے مطابق پلیٹ فارم ایسی ویڈیوز کو ہدف بنائے گا جو دوسروں کے مواد کی نقل پر مبنی ہوں یا جن میں معمولی ترمیم کر کے انہیں نئے انداز میں پیش کیا گیا ہو۔ اگرچہ یوٹیوب نے غیر مستند یا بار بار دہرائے گئے مواد کی واضح تعریف نہیں دی، تاہم ماہرین کے مطابق یہ تبدیلیاں خاص طور پر ان چینلز پر اثر انداز ہوں گی جو بغیر چہرے کے گیمنگ ویڈیوز یا AI سے تیار کردہ آوازوں اور کرداروں پر انحصار کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ اس پالیسی میں AI کا براہِ راست ذکر نہیں کیا گیا، مگر اس اپ ڈیٹ سے اندازہ ہوتا ہے کہ مکمل طور پر AI پر مبنی کانٹینٹ کی مونیٹائزیشن مشکل ہو سکتی ہے، جس کا اثر ان ٹولز کی مقبولیت اور افادیت پر بھی پڑے گا۔ ایسے میں پاکستانی یوٹیوبرز بھی جو اپنی ویڈیوز میں آے آئی یا گیمنگ ویڈیوز کا استعمال کرتے ہیں اس پالیسی سے خطرے میں پڑ گئے ہیں کیونکہ گیمنگ ویڈیوز پر مبنی اور اے آئی سے تیار کردہ آوازوں پر مبنی کئی یوٹیوب چینلز موجود ہیں جو پاکستانی ہیں۔ جبکہ کئی ایسے یوٹیوب چینلز بھی موجود ہیں جو غیر مستند

بوبی دیول کا نیا لک سب کی توجہ کا مرکز بن گیا

اینمل کے بعد بوبی دیول نے مختلف تجربات شروع کر دیئے

ممبئی (این این آئی) بوبی دیول نے جس طرح فلم انڈسٹری میں کامیاب واپسی کی وہ ایک مثال بن گئی ہے، اینمل فلم میں ایک مختصر لیکن شاندار کردار میں وہ تمام اداکاروں پر بھاری پڑ گئے تھے۔ اس فلم کے لیے انہوں نے خصوصی طور پر داڑھی بڑھائی تھی اور یہ لک ان پر سچ بھی خوب رہا تھا اور کافی عرصے تک بوبی دیول اسی لک میں نظر آتے رہے۔ اب بوبی دیول نے اپنے نیکسٹ پروجیکٹ کے لیے ایک اور نیا انداز اپنایا ہے، فلم کی تفصیلات تو سامنے نہیں آئیں لیکن اندازہ لگایا جا رہا ہے کہ بوبی دیول اس بار ایک بالکل مختلف روپ میں نظر آئیں گے، اس کردار کے لیے وہ اپنی جسمانی فٹنس پر بہت کام کر رہے ہیں۔ بوبی دیول نے حالیہ فلموں جیسے اینمل، کنگوا، باس فل 5 وغیرہ میں زبردست اداکاری کر کے سب کا دل جیت لیا تھا۔ اسی دوران، ہدایتکار تجیش تیواری کی آنے والی فلم رامائن بھی بہت توجہ حاصل کر رہی ہے، اس میں رنبیر کپور، سائی پلوی اور یش جیسے بڑے ستارے شامل ہیں۔

کسی بھی معاملے میں جذباتی اور فوری ردعمل نہ دیں، ادا کارہ کومل عزیز

آپ نے شوہر کے میسجز پکڑ لیے ہیں تو فوری اٹھا کر میسجز نہ دکھائیں اپنے اوپر کنٹرول کریں کوئی رونا دھونا نہ کریں

لاہور (این این آئی) اداکارہ کومل عزیز خان کا کہنا ہے کہ خواتین اگر شوہر کے میسجز پکڑ لیں تو فوری ردعمل نہ دیں۔ اے آر وائی ڈیجیٹل کے پروگرام گڈ مارننگ پاکستان میں گفتگو کرتے ہوئے کومل عزیز نے کہا کہ مجھے عمر کے ساتھ تجربہ ہوا ہے کہ کسی کی بات پر فوری غصہ نہیں کرنا ہے، جیسے ادھار کی بات ہو تو کوئی بندہ کہے کہ میں تو اپنا وقت دے رہا تھا تو میں ردعمل نہیں دوں گی بلکہ کہوں گی کہ آپ صحیح کہہ رہے ہیں۔ کومل عزیز نے کہا کہ میں بعد میں اسٹریٹجی بناؤں گی کہ اس سے اب پیسے کیسے نکلوانے ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ میری شادی نہیں ہوئی لیکن آپ کی شادی ہوئی ہے اور آپ نے شوہر کے میسجز پکڑ لیے ہیں تو فوری اٹھا کر میسجز نہ دکھائیں اپنے اوپر کنٹرول کریں کوئی رونا دھونا نہ کریں، ردعمل دینے سے وہ ڈھیٹ ہو جائے گا اور اپنے پیغامات کو بھی ڈیلیٹ کر دے گا۔ آپ نے شوہر کے میسجز پکڑ لیے ہیں تو فوری اٹھا کر میسجز نہ دکھائیں اپنے اوپر کنٹرول کریں کوئی رونا دھونا نہ کریں آپ نے شوہر کے میسجز پکڑ لیے ہیں تو فوری اٹھا کر میسجز نہ دکھائیں اپنے اوپر کنٹرول کریں کوئی رونا دھونا نہ کریں

کرینہ کپور نے 44 سال کی عمر میں بھی نیوڈ شیڈ مونوکنی پہن کر سب کو اپنا دیوانہ بنالیا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ کرینہ کپور نے 44 سال کی عمر میں بھی نیوڈ شیڈ مونوکنی پہن کر سب کو اپنا دیوانہ بنالیا۔ کرینہ کپور کا نام سنتے ہیں انکے کردار ذہن نشین ہو جاتے ہیں، پرکشش شخصیت، باکمال اداکاری اور فیشن سینس سے بی ٹان کی اے لسٹ حسیناں میں شمار ہونے والی اداکارہ کرینہ کپور نے اپنے کریئر کا آغاز فلم ریفیوجی سے کیا لیکن کرن جوہر کی بلاک بسٹر فلم ''کبھی خوشی کبھی غم'' میں اپنے کردار ''پو'' کی ایسی چھاپ چھوڑی جسے آج بھی یاد کیا جاتا ہے۔ جہاں انہوں نے ہلکے پھلکے کرداروں میں رنگ بھرے وہیں چنبیلی، قربان، تلاش، لال سنگھ چڈھا، اڑتا پنجاب اور ہیروئن جیسی فلموں میں سنجیدہ اداکاری کر کے بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ کریئر سے ہٹ کے ازدواجی زندگی کی بات کریں تو کرینہ کپور خان نے اکتوبر 2012 میں سیف علی خان کے ساتھ

پیرس فیشن ویک کے حصے کے طور پر ایک ماڈل زہیر مراد ہاؤٹ کوچر فال رونٹر 2025/2026 شو کے دوران رن وے پر چل رہی ہے



سیلی ووڈ تھیٹر رائل ہی مارکیٹ میں "ٹل دی اسٹارز کم ڈاون" کی پریس نائٹ پرفارمنس میں شرکت کر رہی ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع محمد اعظم مغل کے ہمراہ گندم کے کاشت کاروں میں مالی اعانت کے پے آرڈرز تقسیم کئے گئے

پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع محمد اعظم مغل نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا



گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) بہاولپور کی محنت سے ہماری خوراک کی ضرورت کو پورا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کبھی کوئی مشکل ہمارے کسان کو پاکستان کیلئے غلہ پیدا کرنے سے نہیں روک سکی۔کسان اس دھرتی کے عظیم بیٹے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم نے بڑی مشکلات سے ملکی معیشت کو سنبھالا ہے:ہمیں اپنی آمدن اور اخراجات میں توازن پیدا کرنا ہوگا۔کیونکہ:بہتر ملکی معیشت کیلئے ہمیں اپنی آمدن کے ذرائع کو بڑھانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہتری کیلئے ہماری حکومت کو مشکل معاشی فیصلے کرنے پڑے۔ایک سال کے اندر مہنگائی 24 فیصد سے 4 فیصد پر آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کی مالی اعانت کے گندم پیمنٹ پروگرام وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا کسان دوست منصوبہ ہے۔فی ایکڑ زرعی پیداوار کے حوالے سے بدقسمتی سے ہمارا شمار دنیا کے کم ترین پیداواری صلاحیت والے ممالک میں ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ بہتر پیداوار کیلئے ہمیں بیج کے چناؤ سمیت جدید مشینری اور ماڈرن ایگریکلچر استعمال کرنا ہوگی حکومت پنجاب زراعت کے شعبے میں ترقی کیلئے اپنی زراعت کو جدید سائنسی بنیادوں پر استوار کرنا چاہتی ہی۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ ضلع میں زرعی تعلیم کے حصول کیلئے زرعی کالج قائم کر رہے ہیں۔ہم اپنے ضلع کی زراعت کو جدید خطوط پر استوار کریں گے

متحدہ جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام ''شہدائے کربلا نفرنس'' کا انعقاد کیا گیا

نامور مذہبی وقومی شخصیات نے شرکت کی اور حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) متحدہ جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام ''شہدائے کربلا نفرنس'' کا انعقاد کیا گیا جس میں نامور مذہبی وقومی شخصیات نے شرکت کی اور حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے معروف عالم دین مولانا محمد ناصر مدنی نے کہا کہ حضرت حسینؓ ابن علیؓ اور ان کے رفقاء نے دین اسلام کی سربلندی،عدل وانصاف کے قیام،اور ظلم کے خلاف قیام کرتے ہوئے اپنی جان قربان کر دی۔ان کی قربانی رہتی دنیا تک حق پر ڈٹ جانے کا درس دیتی ہے۔انہوں نے کہا کہ کربلا کا پیغام صرف کسی مسلک تک محدود نہیں بلکہ پوری اُمت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے۔ہمیں چاہیے کہ ہم حضرت حسینؓ ابن علیؓ کے اسوۂ حریت کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں اور ظلم کے خلاف آواز بلند کریں۔کانفرنس سے متحدہ جمعیت اہل حدیث کے مرکزی رابطہ سیکرٹری عامر وسیم بندھو نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ حضرت حسینؓ ابن علیؓ کا کردار اتحادِ امت اور دین کی سربلندی کا استعارہ ہے۔آج بھی اگر ہم سینئی فکر کو اپنائیں تو معاشرتی ناانصافی،ظلم،اور کرپشن جیسے مسائل کا خاتمہ ممکن ہے۔انہوں نے زور دیا کہ اہل حدیث مکتبہ فکر ہمیشہ قرآن و سنت کی روشنی میں اتحاد،اخلاص اور دین کے دفاع کی بات کرتا ہے،اور حضرت حسینؓ ابن علیؓ کی جدوجہد اسی اصول کی عملی تصویر ہے۔اس موقع پر مسلم لیگ کے ضلعی رہنما پیر گلزار احمد نعیمی دیگر علماء ومقررین نے بھی خطاب کرتے ہوئے واقعہ کربلا کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔مقررین نے کہا کہ شہدائے کربلا نے ظالم وفاسق حکمران کے سامنے کلمہ حق بلند کر کے ہمیں یہ سکھایا کہ مسلمان کبھی ظلم سے سمجھوتہ نہیں کرتا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر حسینی فکر کو اپنائیں اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے عملی جدوجہد کریں۔کانفرنس کے اختتام پر اُمت مسلمہ کے اتحاد،اور ملک کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ امام حسینؓ کے پیغام کو عام کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔

جہلم شہر کے مین بازار اور اہلحدیث چوک میں تجاوزات کی بھرمار،شہریوں خاص کر خواتین خریداروں کا پیدل چلنا محال

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کے مین بازار اور اہلحدیث چوک میں تجاوزات کی بھرمار،شہریوں خاص کر خواتین خریداروں کا پیدل چلنا محال تفصیلات کے مطابق جہلم شہر کے مرکزی تجارتی مرکز مین بازار اور چوک اہلحدیث میں اسوقت تجاوزات نے خریداری کے لیے آنے والے شہریوں کی زندگیاں اجیرن بنادی ہیں جبکہ شاندار چوک میں فٹ پاتھوں پر دکانداروں اور ریڑھی بانوں کی جانب سے غیر قانونی قبضوں کے باعث پیدل چلنے والوں کے لیے ایک انچ کا بھی راستہ تک میسر نہیں۔بازار میں روزانہ سینکڑوں،ہزاروں شہری خریداری کے لیے آتے ہیں، مگر دکانوں کے باہر پختہ تھڑے، ریڑھیاں سڑکوں پر کھڑی کر کے دکانداروں کا سامان راستوں میں پھیلائے رکھنا روزانہ کا معمول بن چکا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ متعلقہ انتظامیہ کی خاموشی اور عدم دلچسپی کی وجہ سے ناجائز تجاوزات کرنے والوں کے حوصلے بلند ہو چکے ہیں ہمیں روزانہ تنگ وتاریک راستوں پر سے گزرنا پڑتا ہے،خواتین،بزرگ شہریوں اور بچوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے شہریوں نے اس مسئلے کے فوری حل کے لیے ڈپٹی کمشنر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چیف آفیسر ایم سی سے تجاوزات قائم کرنے والے دکانداروں اور ریڑھی بانوں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔

گستاخ رسول اگر زندہ رہے تو امت مسلمہ کو زندہ رہنے کا کوئی حق: پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری

حکومت غیر قانونی کمیشن بنا کر گستاخان رسول کی رہائی کا چور دروازہ کھولنے سے باز رہے



عارفوالا (نمائندہ قوت) گستاخ رسول اگر زندہ رہے تو امت مسلمہ کو زندہ رہنے کا کوئی حق نہیں ہوتا نیز حکومت غیر قانونی کمیشن بنا کر گستاخان رسول کی رہائی کا چور دروازہ کھولنے سے باز رہے ان خیالات کا اظہار جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب کے صوبائی امیر پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری اور مرکزی نائب ناظم اعلیٰ اول پروفیسر حمزہ مصطفائی نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جماعت اہلسنت پاکستان وطن عزیز کی فکری اور نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے جماعت اہلسنت کے اکابرین نے قائد اعظم محمد علی جناح کا ساتھ دے کر پاکستان کے قیام کو ممکن بنایا تھا بعد ازاں جماعت اہلسنت پاکستان نے ہمیشہ پاکستان میں اتحاد امن اور ترقی کیلئے فعال ہو کر نے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔جماعت اہلسنت کے قائدین کی شبانہ روز محنت سے حکومت پاکستان نے ناموس رسالت کے تحفظ کیلئے 295 سی اور دیگر اسلامی قوانین بنائے تھے ہم نے نہ صرف ان قوانین کے تحفظ کا تہیہ کر رکھا ہے بلکہ ہم نے ان کو عملاً غیر موثر بنانے کی ہر سازش کا بھی ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہے یہ قوانین پاکستان کی ترقی اور پاکستان میں پائیدار امن اور استحکام کی ضمانت ہیں یہی وجہ ہے کہ پاکستان دشمن این جی اوز اور ایجنسیاں پاکستان کے نظریاتی فنڈنگ پر چلتی ہیں ان کے علاوہ پاکستان کے نظریاتی دشمن خصوصاً قادیانی اور دیگر پاکستان اسلام دشمن لابی ملکر پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کی ہمیشہ سازشیں کرتے رہتے ہیں گستاخ رسول کو صرف کوڑے مار دینا کافی نہیں اس کو سزائے موت دینا ضروری ہے بیرون ملک اور اندرون ملک اسلام اور پاکستان کے خلاف متحرک لابیاں یہ چاہتی ہیں کہ پاکستان میں گستاخان رسول دندناتے پھریں اور عاشقان رسول ان کو عملی طور پر کیفر کردار تک پہنچائیں اس طرح ملک خانہ جنگی کی صورت اور عدم استحکام کا تاثر پھیلا کر کے دنیا میں پاکستان کو بدنام کیا جا سکے لہذا یہ امن دشمن لابی کی طرف سے پاکستان کے نظام انصاف کیخلاف مکمل سازشیں ہو رہی ہیں جب سے سوشل میڈیا پر اللہ تعالیٰ،نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر اسلامی مقدسات کی توہین کرنے والوں کو قانونی طور پر عدالتوں سے کوئی ریلیف یا ضمانت نہ مل سکی تو انہوں نے ایک سازش کے تحت گستاخان رسول کیخلاف پیش ہونے والے مدعیان کو بدنام کرنے اور ایک فرضی ڈھونگ رچانے کی سازش شروع کر دی ہے انہوں نے ایک سازش کے تحت پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار عدالت کی آڑ میں ایک غیر قانونی اور غیر آئینی کمیشن بنانے کی سازش تیار کی ہے تاکہ اس کمیشن کی کاروائی کا بہانہ بنا کر تمام گستاخوں کو رعایتی طور پر ضمانتیں کرا کر آزاد کرایا جائے تاکہ اس طرح انکے پسندیدہ گستاخ یورپ امریکہ اور کینیڈا وغیرہ بھاگ جائیں اور باقی کچھ گستاخ معاشرے میں فتنہ وفساد برپا کرنے کا باعث بنیں انہوں نے خبردار کیا ہے کہ اس قسم کی کوئی بھی مہم جوئی اور کوئی بھی غیر قانونی کمیشن ملک کے استحکام کیلئے انتہائی خطرناک ہوگا لہذا تمام گستاخوں کے فیصلے مروجہ عدالتوں میں مکمل میرٹ پر ہونے چاہیے اور اس سلسلے میں کوئی بھی سازش نہیں ہونی چاہیے

سابق صوبائی وزیر ایم پی اے ملک تنویر اسلام سیتھی سے جھالملہ جسوال وارڈ کے مسلم لیگی رہنماؤں نے سیتھی ہاؤس میں ملاقات کی



چکوال (ایم ایوب سلطانی) سابق صوبائی وزیر ایم پی اے ملک تنویر اسلام سیتھی سے جھالملہ جسوال وارڈ کے مسلم لیگی رہنما سید اعجاز حسین ہمدانی،محمد آصف ملک ایڈووکیٹ،حاجی ملک محمد اختر،ملک حسن اختر اور ملک انوار الحق شامل تھے وفد نے ایم پی اے ملک تنویر اسلم سیتھی کو اہل علاقہ کو درپیش مسائ※ل اور مطالبات سے آگاہ کیا اور چوراسٹاپ تا کوٹ راجہ موڑ،ڈھوک ملک مہمند تا جھالمہ،جھالملہ تا ڈھوک دادو روڈ کی فوری تعمیر کا مطالبہ کیا اور مزکورہ روڈ کو بزرگ مسلم لیگی راہنما سابق ڈی ای او ملک محمد اصغر کے نام سے منصوب کرنے کا مطالبہ کیا جس پر ایم پی اے ملک تنویر اسلم سیتھی نے مزکورہ روڈ کی تعمیر کے لیے جلد سروے کرانے کی یقین دہانی کرادی اس کے ساتھ ساتھ وفد نے جھالملہ وارڈ،جسوال وارڈ، ڈھوک ملک مہمند اور ڈھوک آجڑی سمیت دیہات میں گلیوں کی تعمیر اور دیگر ترقیاتی منصوبے شروع کرنے کا مطالبہ کیا جس پر سابق صوبا※ی وزیر ملک تنویر اسلم سیتھی نے وفد کو یقین دہانی کرا※ی کے جیسے ہی ان منصوبوں کے لیے پنجاب حکومت نے فنڈز جاری کیے اس علاقہ میں بھی ترقیاتی کام تیز کیے جا※یں گے اور وزیر اعلی※ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق تعمیر وترقی کے ثمرات کو دور دراز دیہی علاقوں تک ضرور پہنچایا جا※ گا

جہلم پرائیویٹ گاڑیوں کے بعد موٹر سائیکلوں کو بھی اب فٹنس سرٹیفکیٹ لینا ہوگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پرائیویٹ گاڑیوں کے بعد موٹر سائیکلوں کو بھی اب فٹنس سرٹیفکیٹ لینا ہو گا موٹر سائیکل کی ٹیسٹنگ کے بعد ایک سال کا فٹنس سرٹیفکیٹ جاری کیا جائیگا،پنجاب کابینہ کی جانب سے قانون میں ترمیم کر لی گئی،جلد اس پر عملدرآمد کیلئے محکمہ ٹرانسپورٹ حکمت عملی مرتب کرے گا،پنجاب میں ایل پی جی استعمال کرنیوالی پبلک ٹرانسپورٹ کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے،تمام بسز،ٹرمینلز پر کارروائی کے لئے خصوصی سکواڈ تشکیل دیئے گئے۔سیکرٹری آر ٹی اے کی ایل پی جی سلنڈر استعمال کرنیوالی گاڑیوں کیخلاف کارروائیاں کیں،غیر قانونی رکشہ بناڈی بنانے والوں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں اور یہ سلسلہ اب جاری رہے گا۔

حافظ آباد میں گذشتہ روز ایک گھنٹے کی بارش سے گلی محلے ندی نالوں میں تبدیل ہو گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں گذشتہ روز ایک گھنٹے کی بارش سے گلی محلے ندی نالوں میں تبدیل ہو گئے۔جبکہ بارشی پانی مسلم لیگ ن کے ضلعی سیکریٹریٹ میں بھی داخل ہو گیا۔تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی حافظ آباد جو شہریوں کے لئے ایک سفید ہاتھی بنی ہوئی ہے وہ ابھی تک شہر میں نکاسی آب کے نالوں کی مکمل طور پر صفائی نہ کر سکی ہے جس کی وجہ سے معمولی بارش کے بعد شہر کے گلی محلے ندی نالوں کے مناظر پیش کرنے لگتے ہیں۔گذشتہ روز بھی صرف ایک گھنٹہ بارش ہوئی جس کے بعد شہر کے تمام نشیبی علاقے بارش کے پانی میں ڈوبے دیکھائی دے رہے تھے اور چھٹی کا دن بارش کے پانی کے کھڑا ہونے کی وجہ سے وبال جان بن گیا۔شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ نواب کالونی سمیت تمام نکاسی آب کے نالوں کی فوری صفائی کروا کے شہر کو ڈوبنے سے بچایا جائے۔اور تمام افسران فیلڈ میں آ کر نشیبی علاقوں سے پانی نکلوائیں۔

ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں ECG سروسز سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی حالیہ شکایت کے حوالے سے،اسپتال انتظامیہ کی جانب سے ایک انکوائری کمیٹی تشکیل دی گئی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں ECG سروسز سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی حالیہ شکایت کے حوالے سے،اسپتال انتظامیہ کی جانب سے ایک انکوائری کمیٹی تشکیل دی گئی جس نے معاملے کی مکمل تحقیقات کی۔تفصیلی رپورٹ متعلقہ اعلیٰ حکام کو پیش کر دی گئی ہے۔اگرچہ شکایت جزوی طور پر بے بنیاد پائی گئی، تاہم مسٹر شعیب رشید (ہیلپر/آنریری) کا رویہ اور طرز عمل،جیسا کہ ویڈیو میں ریکارڈ کیا گیا اور رپورٹ کیا گیا،مریضوں کی دیکھ بھال کے ماحول میں ذمہ کار پیشہ ورانہ معیار کے مطابق نہیں تھا۔انکوائری کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں اور ادارے میں نظم وضبط اور معیاری مریض نگہداشت کو یقینی بنانے کے لیے،مسٹر شعیب رشید کی آنریری ورک پرمیشن کو فوری طور پر تاحکم ثانی معطل کر دیا گیا ہے۔مزید وضاحت کی جاتی ہے کہ RIC کے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں زیادہ تر تشویشناک حالت کے مریض لائے جاتے ہیں جنہیں فوری اور جان بچانے والی طبی امداد کی ضرورت ہوتی ہے۔ایمرجنسی روزانہ 750 سے 1000 مریضوں کو سہولیات فراہم کرتی ہے،اس لیے ضروری ہے کہ مریضوں کے بہاؤ کو منظم انداز میں چلایا جائے۔چنانچہ وہ مریض جو نازک حالت میں نہیں ہیں،ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنی باری کے مطابق قطار میں انتظار کریں اور ان کے ہمراہ آنے والے افراد سے بھی تعاون کی درخواست کی جاتی ہے تاکہ تمام مریضوں کو بروقت اور موثر علاج کی سہولت فراہم کی جاسکے۔

اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان کے زیر اہتمام شجرکاری مہم شروع کر دی گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان کے زیر اہتمام شجرکاری مہم شروع کر دی گئی اس سلسلہ میں ن لیگ کے ٹکٹ ہولڈر اور معروف سماجی کارکن شیخ گلزار احمد،مولانا معاذ الرحمن بھٹی امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث اور محمد عثمان ناظم مالیات اہلحدیث یوتھ فورس نے کولو روڈ پر واقع مرکزی عیدگاہ میں پودے لگا کر اس مہم کا افتتاح کیا۔شیخ گلزار احمد کا کہنا تھا کہ زیادہ سے زیادہ پودے لگا کر ہم نہ صرف آلودگی کا خاتمہ کر سکتے ہیں بلکہ ماحول کو بھی خوشگوار بنا سکتے ہیں۔

جہلم سمیت پنجاب بھر میں آٹھویں جماعت کے بورڈ امتحانات کا سلسلہ بحال کرنے کا حتمی فیصلہ کر لیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت پنجاب بھر میں آٹھویں جماعت کے بورڈ امتحانات کا سلسلہ بحال کرنے کا حتمی فیصلہ کر لیا گیا۔وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیر صدارت پیکٹا کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے متعدد اہم امور زیر غور لائے گئے۔وزیر تعلیم کی پانچویں سے ساتویں تک انٹرنل امتحانی نظام کو موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پانچویں،چھٹی اور ساتویں کلاس کے امتحانات بطور اسسمنٹ ٹیسٹ لئے جائیں۔رانا سکندر حیات نے کہا کہ ایک ماہ میں انٹرنل اسسمنٹ ٹیسٹ کا طریقہ کار وضع کیا جائے،اسسمنٹ ٹیسٹ لیے جائے،اسسمنٹ ٹیسٹ اساتذہ اور طلبا کی پرفارمنس چیک کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ آٹھویں کلاس کیلئے بورڈ امتحانات کا سلسلہ بحال کر رہا ہوں،گریڈ 8 کے امتحانات پیکٹا لے گا،اگلے 30 دن میں لائحہ عمل بنایا جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ پانچویں سے ساتویں تک اسسمنٹ ٹیسٹ کیلئے شفاف نظام لاگو کیا جائے۔اجلاس میں میٹرک نہم وگیارہویں کی کتب کو ویڈیو فارمیٹ میں بھی ڈھالنے پر غور کیا گیا۔وزیر تعلیم نے کہا کہ آن لائن ٹھیک ایجوکیشن کیلئے اکیڈمک کیلنڈر،ویڈیوز کی کوالٹی پر کام کرے،میٹرک ٹیک کے اساتذہ کی ٹریننگ کیلئے ٹرینرز کا انتخاب سابقہ پرفارمنس اور نتائج کو مدنظر رکھ کر کیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) PERA آفس کا دورہ کیا

پیرا فورس وعملہ سے ملاقات کی۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیورسٹی انا محمد عمر بھی ہمراہ تھے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) PERA آفس کا دورہ کیا اور پیرا فورس وعملہ سے ملاقات کی۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیورسٹی انا محمد عمر بھی ہمراہ تھے۔ڈپٹی کمشنر نے پیرا فورس کی ورکنگ کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے انتظامی و حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا اور مختلف امور کے حوالے سے موقع پر احکامات جاری کیے۔ڈپٹی کمشنر نے ختم نبوت چوک میں پیرا کی نئی زیر تعمیر بلڈنگ کا بھی دورہ کیا اور تعمیراتی عمل کا مشاہدہ کرتے ہوئے ایکسین بلڈنگز کو تعمیراتی کام میں تیزی لانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ شفافیت کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے اور بلڈنگ کا تعمیراتی کام مقررہ ٹائم فریم میں مکمل کریں۔

رانا طاہر اقبال MPA کا محلہ شیخانہ نبی پورہ شرقپور شریف میں نیا ٹرانسفارمر لگوانے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا

شرقپور شریف (نمائندہ خصوصی) شیخ ماجد اقبال ہم شیرے پنجاب فخرے شیخوپورہ رانا تنویر حسین وفاقی وزیر اور ہر دلعزیز شخصیت رانا طاہر اقبال MPA کا محلہ شیخانہ نبی پورہ شرقپور شریف میں نیا ٹرانسفارمر لگوانے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جس کے معاون خصوصی چیئرمین میاں عمران علی اشرف۔حاجی حکیم سلیم اللہ۔شیخ منظور احمد۔شیخ ماجد اقبال صدر انجمن تاجران۔محمد خان۔شیخ طاہر۔غفور رحمانی۔شیخ ساغر حسن۔شیخ فیاض جٹ۔ہیں محلہ داران کی طرف سے نیک دعاؤں کا اظہار کیا گیا۔



راوی روڈ کباب پیزا کی دوسری منزل پر واقع کچن میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ لگ گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) راوی روڈ کباب پیزا کی دوسری منزل پر واقع کچن میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ لگ گئی،ریسکیو ٹیموں نے بروقت ریسپانس کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا، کولنگ کا عمل جاری۔کالر کے مطابق راوی روڈ پر واقع کباب پیزا کے کچن میں آگ لگ گئی۔ابتدائی معلومات کے مطابق آگ شارٹ سرکٹ کے باعث لگی۔اطلاع ملنے پر موٹر بائیک سروس، ایمبولینس اور 2 فائر ڈیکلز فوراً جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ریسکیو ٹیموں جارحانہ حکمت عملی اپناتے ہوئے فائر اسٹیشنگشر (ڈرائی کیمیکل پاؤڈر) سے آگ کے شعلوں پر قابو پایا۔جبکہ پانی کی مدد سے کولنگ کا عمل جاری ہے

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی قیادت میں جھنگ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مربوط اور موثر کارروائیاں جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی قیادت میں جھنگ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مربوط اور موثر کارروائیاں جاری ہیں۔تھانہ اٹھارہ ہزاری پولیس کے ایس ایچ او واصف علی نول نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ایک کامیاب آپریشن کے دوران ڈکیتی کی واردات میں ملوث جناب روٹی ک ایک متحرک گینگ کے دو اہم کارندوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ڈاکوؤں کے قبضے سے بھاری مالیت کا مسروقہ سامان،جن میں نقدی،زیورات اور دو عدد موٹر سائیکلیں شامل ہیں،برآمد کیا گیا ہے۔برآمد شدہ سامان کی مجموعی مالیت 25 لاکھ روپے سے زائد ہے،جو حالیہ وارداتوں کے دوران شہریوں سے لوٹا گیا تھا۔ڈی پی او بلال افتخار کیانی نے تھانہ اٹھارہ ہزاری پولیس کی اس نمایاں کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران واہلکاران کو شاباش دی،اور ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مزید موثر اور مسلسل سے کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔ڈی پی او جھنگ کا کہنا ہے کہ جھنگ پولیس ※※ محفوظ پنجاب※※ کے وژن کے مطابق،جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن میں مصروف عمل ہے۔شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے،اور اس مقصد کے لیے پولیس فورس ہر محاذ پر پوری مستعدی سے برسرپیکار ہے۔

تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن پولیس کی بروقت اور مؤثر کارروائی

جھنگ (بیورو رپورٹ) تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن پولیس کی بروقت اور مؤثر کارروائی،زبردی کی بڑی واردات ٹریس کر کے بین الصوبائی گینگ گرفتار کر لیا جو حالیہ دنوں میں ہونے والی بڑی زبردی میں ملوث تھا تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن ریٹائرڈ بلال افتخار کیانی کی قیادت میں جھنگ پولیس کا کریمنل افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے 7 جولائی کو تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن کے علاقہ چنیوٹ موڑ کے قریب چار مسلح ملزمان نے اسلحہ کے زور پر ایک شخص سے 19 لاکھ روپے سے زائد کی خطیر رقم چھین لی تھی اور موقع سے فرار ہو گئے تھے۔واردات کی سنگینی کے پیش نظر پولیس نے فوری طور پر مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کیا۔سٹیلائٹ ٹاؤن پولیس کے کرائم فائٹر ایس ایچ او فیصل رزاق کاہلوں نے سی سی ٹی وی فوٹیج،جدید انٹیلی جنس وسائل اور مربوط حکمت عملی کی بدولت صرف پانچ روز کے اندر ملزمان کو لاہور سے گرفتار کر لیا۔گرفتار شدہ تینوں ملزمان کا تعلق بین الصوبائی گینگ سے ہے جن سے تفتیش جاری ہے،اور مزید سنگین وارداتوں کے انکشاف کی توقع کی جا رہی ہے پولیس ترجمان کے مطابق ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کامیاب کاروائی پر ایس ایچ او فیصل رزاق اور ان کی پوری ٹیم کو شاباش دی ہے اور ان کی محنت ولگن کو سراہا ہے۔ڈی پی او بلال افتخار کیانی نے واضح پیغام دیتے ہوئے کہا کہ قانون شکن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا،کسی کو شہریوں کے جان و مال سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔عوام کے تحفظ کو یقینی بنانا جھنگ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور پولیس ہر لمحہ چوکس ومستعد ہے

تیسرے انٹرڈویژنل فٹبال چمپئن شپ کے ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا

گوجرانوالہ (غلام شبیر پریذیڈنٹ ایڈیٹر) تیسرے انٹرڈویژنل فٹبال چمپئن شپ کے ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں مہمان خصوصی صوبائی صدر راجپوت ایسوسی ایشن رانا محمد اعجاز خاں، ڈویژنل سپورٹس آفیسر فیصل امیر خان اور چیئرمین مہر شہباز احمد تھے۔تیسرے انٹرڈویژنل فٹبال چمپئن شپ کے ٹورنامنٹ کے دوران کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی نوید احمد نے خصوصی طور پر دورہ کیا اور کھلاڑیوں سمیت مختلف ٹیموں سے فرداً فرداً ملاقات بھی کی۔چمپئن شپ کے پہلے روز بیس میچ کھیلے گئے، پول اے میں راولپنڈی کے چھ پوائنٹس،بہاولپور کے چھ پوائنٹس،ملتان کا دو ویژن کے تین پوائنٹس، گجرات ڈویژن نے سات پوائنٹس،ڈی جی خان کے چھ پوائنٹس،ساہیوال کے چار پوائنٹس،فیصل آباد کے دو پوائنٹس اور سرگودھا ڈویژن کو کوئی پوائنٹ حاصل نہ کر سکی،تقریب کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے مہمان خصوصی صوبائی صدر راجپوت ایسوسی ایشن رانا محمد اعجاز خاں کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل کا کھیلوں کی طرف بڑی تعداد میں راغب ہونا خوش آئند ہے کیونکہ جس قدر نوجوان کھیلوں کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے معاشرہ سے اسی قدر منشیات سمیت دیگر منفی پہلوؤں میں کمی واقع ہوگی۔

برسات کے موسم میں شہری احتیاطی تدابیر اختیار کریں:الیکسئین فیسکو

جھنگ (بیورو رپورٹ) الیکسئین فیسکو جھنگ ڈویژن فرسٹ راؤ انعام الحق نے کہا کہ برسات کے موسم میں شہری احتیاطی تدابیر اختیار کریں بجلی کی تاروں اور تھمبوں کے نزدیک جانے سے احتیاط کریں اپنی گاڑیاں اور مویشی ٹرانسفارمر کے نیچے مت کھڑے کریں گزشتہ روز میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے راؤ انعام الحق نے اس بات پر زور دیا کہ والدین اپنے بچوں کو بارش کے دوران بجلی کی تنصیبات سے دور رکھیں گلیوں محلوں میں کھیلتے ہوئے ننھے منموں کو مت چھوئیں شہری بجلی کی سپلائی معطل ہونے کی صورت میں متعلقہ دفتر کو مطلع کر کے لائن سٹاف کا انتظار کریں کیخلاف گھیرا تنگ کر رہے ہیں۔معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین حکیم صہیب عادل قریشی،حکیم اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کا کہنا ہے کہ ایس ایچ او سمبڑیال انسپکٹر اکرم شہباز کی آمد سے علاقہ تھانہ سمبڑیال میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے وہیں شریف شہریوں سے بھتہ وصولی کرنے والے شرپسندوں اور بدمعاشوں میں بھی خوف پیدا ہوا ہے۔

چوہدری محمد احمد گوندل کو ضلعی کوآڈینیٹر یوتھ ونگ ال ورلڈ گوندل اتحاد ضلع جہلم منتخب ہونے پر شہری سماجی رفاہی فلاحی صحافتی تنظیموں کے عمائدین کی طرف سے مبارکبادیں دینے کا سلسلہ جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) چھچھی میں آل ورلڈ گوندل اتحاد،ضلع جہلم چوہدری محمد احمد گوندل کو ضلعی کوآڈینیٹر یوتھ ونگ ال ورلڈ گوندل اتحاد ضلع جہلم منتخب ہونے پر شہری سماجی رفاہی فلاحی صحافتی تنظیموں کے عمائدین کی طرف سے مبارکبادیں دینے کا سلسلہ جاری ہے چوہدری محمد احمد گوندل کو اتحاد ضلع جہلم منتخب ہونے پر شہری سماجی رفاہی فلاحی صحافتی تنظیموں کے عمائدین کی طرف سے مبارکبادیں دینے کا سلسلہ جاری ہے پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے لیے شب وروز کوششیں وکاوشیں کر رہے ہیں چوہدری محمد احمد گوندل کی سادگی،خلوص اور عملی اقدامات نے برادری کے نوجوانوں کو ایک نئی شناخت دی ہے۔انہوں نے کہا کہ میر انشہود میں نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا تعلیمی،فلاحی اور کاروباری منصوبہ بندی برادری کے اندر اتحاد،یگانگت اور تعاون کو فروغ دینا علاقائی مسائل کے حل کے لیے اجتماعی کوششیں شامل ہیں چوہدری محمد احمد گوندل کو ضلعی کوآڈینیٹر یوتھ ونگ ال ورلڈ گوندل اتحاد

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) پیر 14 جولائی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں مگر اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفہوم الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

نگہت کی پاسپورٹ

میرا اصل پاسپورٹ نمبری SR1790184 نارنگ موڑ میں کہیں گم ہوگیا ہے جس کی مجھے برائے مہربانی مطلع کریں۔ یہ پاسپورٹ میں نے پرسوں ہی بنوایا ہے میرے نہر پار ایڈریس پر پہنچوا دیں۔ نگہت بیگم

المشہور: ناطق دلدادہ مشہور حسین کمالہ قطعہ برہانہ نگلوٹ نارنگ منڈی حسیل مربع کے ضلع شیخوپورہ

فون نمبر: 03004802804

تبلیغ — 1

خلاف مزاحمت کی ایک لازوال داستان رقم کی۔انہوں نے کہا کہ کشمیری شہریوں جنیل کے سامنے 22 کشمیریوں نے ایک عظیم مقصد کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔یہ عظیم شہید ہمیں اپنے حال اور مستقبل کی شہادت دیتی ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ان 22 شہداء کا خون زور سے بھی دبایا نہیں جا سکتا۔چیئرمین پاکستان بیت الحکمت پاکستان عوام شہید ہیں اور شہید محترمہ۔ بینظیر بھٹو کے وژن کے مطابق کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ساتھ ہی وزیر خارجہ نے کہا کہ 13 جولائی کا یہ دن ہر کشمیری کے دل میں زندہ ہے، ہم شہید ہیں۔ہم اس دن کو کشمیری شہداء کے خون کے ساتھ وفا کا عہد کرتے ہیں۔ہم کشمیر کی آزادی کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت کرتے رہیں گے۔ہم کشمیر کی آزادی کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ہم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ہم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑے رہیں گے

روزنامہ "قوت" لاہور (8) پیر 14 جولائی 2025ء

لاہور کو لاوارث نہیں چھوڑیں گے، گلی گلی آواز بلند کریں گے، ضیاء الدین انصاری

ترقیاتی کاموں کی آڑ میں لوٹ مار اور عوامی مسائل پر خاموشی ناقابل قبول ہے، 131 ارب کے ترقیاتی فنڈز ضائع، مون سون میں لاہور ندی نالوں میں تبدیل ہو چکا ہے۔

ترقیاتی فنڈز کرپشن کی نذر، جماعت اسلامی لاہور کے امیر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی قیادت میں گوالا کالونی میں احتجاج و میڈیا بریفنگ

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ گوالا کالونی میں سیوریج کا پانی پراحتجاج کے دوران میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ گوالا کالونی میں سیوریج کا پانی پراحتجاج کے دوران میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ لاہور ڈویلپمنٹ فنڈ کے 131 ارب روپے میئر طور پر خاموشی سے ہضم، غیر شفاف اور ادھورے منصوبوں پر خرچ کیے گئے، جن کا کوئی فائدہ عوام کو نہیں پہنچا، ہم لاہور کو لاوارث نہیں چھوڑیں گے، اور اس ظلم پر خاموشی اب جرم ہے۔ ترقیاتی کاموں کی آڑ میں لوٹ مار اور عوامی مسائل پر خاموشی ناقابل قبول ہے۔ 131 ارب کے ترقیاتی فنڈز ضائع، مون سون میں لاہور ندی نالوں میں تبدیل ہو چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوالا کالونی میں احتجاج کی قیادت کرتے ہوئے میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے شہر کی (بقیہ نمبر 2 پر)

پنجاب بھر کے گرجا گھروں میں سیکیورٹی ہائی الرٹ، آئی جی پنجاب کی ہنگامی ہدایات جاری

گرجا گھروں پر سنائپرز، اضافی نفری تعینات، ڈرونز اور ویلیڈ فورس کو مؤثر بریفنگ کا حکم دے دیا گیا، رہنمان آر پی او اور ڈی پی او کو خود سیکیورٹی معائنہ کی ہدایت، عبادات کے دوران فول پروف انتظامات یقینی بنانے کا حکم

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور سمیت پنجاب بھر کے گرجا گھروں میں مسیحی برادری کے عبادتی دعائیہ پروگرام جاری ہیں، جن کے پیش نظر پنجاب پولیس کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے تمام آر پی او اور ڈی پی او زکو سیکیورٹی اقدامات مزید سخت کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ آئی جی پنجاب نے حکم دیا ہے کہ تمام سپروائزری افسران گرجا گھروں کی سیکیورٹی کا خود معائنہ کریں اور سنائپر زکو بھی تعینات کیا جائے۔ پولیس حکام کو ہدایت دی گئی ہے کہ عبادات کے دوران کسی بھی ممکنہ خطرے سے نمٹنے کے لیے الرٹ رہیں۔ ڈولفن اسکواڈ، ڈی آر یو اور ایلیٹ فورس کی ٹیموں کو گرجا گھروں کے گرد مؤثر گشت کا حکم دیا گیا ہے۔



لاہور: محبت سنٹر بیکری کے تیار کیے گئے کرسمس اور میووں کے ہاتھ سے گھڑا جارہی پرلوگ کے مارکیٹ لے جارہا ہے

صنوبر آہے اور گندا پولو لاؤ لشکر کیسا، پنجاب فتح کرکے نکلے ہیں حافظ، حافظ

مولانا فضل الرحمٰن کو فارم 47 کا بینیفشری کہنے والے بتائیں آپ کس کے این او سی پر وزیر اعلیٰ بنے

خیبر پختونخوا میں حکومت آپ کے بازو سے نہیں ڈنڈے کی زور سے بنی۔ آج بھی آپ کی حکومت دولت اور طاقت کے بل بوتے پر کھڑی ہے

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ے یو آئی) کے رہنما حافظ حمداللہ نے وزیر خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن کو فارم 47 کا بینیفشری کہنے والے بتائیں آپ کس کے این او سی پر وزیر اعلیٰ بنے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں حکومت آپ کے بازو سے نہیں (بقیہ نمبر 41)

لاہور کو لاوارث نہیں چھوڑیں گے، گلی گلی آواز بلند کریں گے، ضیاء الدین انصاری

ترقیاتی کاموں کی آڑ میں لوٹ مار اور عوامی مسائل پر خاموشی ناقابل قبول ہے 131 ارب کے ترقیاتی فنڈز ضائع، مون سون میں لاہور ندی نالوں میں تبدیل ہو چکا ہے۔

ترقیاتی فنڈز کرپشن کی نذر، جماعت اسلامی لاہور کے امیر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی قیادت میں گوالا کالونی میں احتجاج و میڈیا بریفنگ

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ گوالا کالونی میں سیوریج کا پانی پراحتجاج کے دوران میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ گوالا کالونی میں سیوریج کا پانی پراحتجاج کے دوران میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ لاہور ڈویلپمنٹ فنڈ کے 131 ارب روپے میئر طور پر خاموشی سے ہضم، غیر شفاف اور ادھورے منصوبوں پر خرچ کیے گئے، جن کا کوئی فائدہ عوام کو نہیں پہنچا، ہم لاہور کو لاوارث نہیں چھوڑیں گے، اور اس ظلم پر خاموشی اب جرم ہے۔ ترقیاتی کاموں کی آڑ میں لوٹ مار اور عوامی مسائل پر خاموشی ناقابل قبول ہے۔ 131 ارب کے ترقیاتی فنڈز ضائع، مون سون میں لاہور ندی نالوں میں تبدیل ہو چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوالا کالونی میں احتجاج کی قیادت کرتے ہوئے میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے شہر کی (بقیہ نمبر 2 پر)

غیر ملکی کار کمپنیاں پنجاب میں اربوں روپے کی سرمایہ کاری کر رہی ہیں، صوبائی وزیر

ای وی سیکٹر، سولر پینلز مینوفیکچرنگ، ویسٹ ٹو انرجی پراجیکٹس اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری میں اظہار دلچسپی

ہمارا گروپ پنجاب میں مقامی سرمایہ کاروں کے ساتھ جوائنٹ وینچر بھی کرسکتا ہے: سربراہ وفد ابراہیم منیر

کی سرمایہ کار گروپ کے چیئرمین ابراہیم منیر وفد کی قیادت کر رہے تھے، یعنی کے آئی پی آئی انٹرنیشنل گروپ کے ای وی سیکٹر سولر بیٹری مینوفیکچرنگ اور ویسٹ ٹو انرجی پراجیکٹس میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وفد کے سربراہ کا کہنا تھا کہ ہمارا گروپ پنجاب میں مقامی سرمایہ کاروں کے ساتھ جوائنٹ وینچر بھی کرسکتا ہے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شاکر حسین نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کو کھلی اور غیر ملکی سرمایہ (بقیہ نمبر 3 پر)



لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شاکر حسین سے سرمایہ کاروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

وکلا اب مقدمات اپنے شہر سے لڑسکیں گے، این آئی آر سی عدالتیں ڈیولپ کرنے کا فیصلہ

صنعتی تنازعات کی عدالتوں میں ڈیولپ کی سہولت، ناانصافی کی صورت میں ادارے کے سربراہ کی ذمہ داری ہوگی

لاہور (نمائندہ خصوصی) صنعتی تنازعات کے حل کے لیے ملک بھر میں قائم نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن (NIRC) عدالتوں کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرتے ہوئے ڈیولپ کرنے کے ذریعے باہم فاصلے کم کرنے جا رہا ہے۔ اس اقدام کا اعلان این آئی آر سی کی سی جسٹس ریٹائرڈ شوکت عزیز صدیقی کی خصوصی ہدایت پر عمل میں لایا گیا۔ ترجمان کے مطابق، ڈویلپ لنک کی سہولت فراہم ہونے کے بعد مقدمات کی پیروی کے لیے متجر وکلا کو دوسرے شہروں کا سفر نہیں کرنا پڑے گا۔

پریسبیٹرین چرچ گوجرانوالہ میں سیمنری گریجویٹس کے اعزاز میں پروقار تقریب

صوبائی وزیر اقلیتی امور میشن سنگھ اروڑہ نے اسناد تقسیم کیں، سیاسی و سماجی اور دیگر اہم شخصیات کی شرکت

فارغ التحصیل طلبہ و معاشرے میں امن، خدمت اور بین المذاہب ہم آہنگی کے حوالے سے خطاب ہوگے، ڈاکٹر مجید اسپل



لاہور (خبر نگار) پریسبیٹرین چرچ گوجرانوالہ کے تحت دینیاتی سیمنری کہنبس میں سیمنری کے فارغ التحصیل طلباء کے اعزاز میں ایک باوقار اور روحانی فضا سے پُر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار میشن سنگھ اروڑہ نے فارغ التحصیل طلبہ و طالبات میں اسناد تقسیم کیں۔ تقریب کا مقصد بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری، قیادت، خدمت اور امن کے پیغام (بقیہ نمبر 44)

چھجرہ کے سردار پورہ میں 3 روز سے بجلی بند، شہری شدید گرمی میں اذیت کا شکار

بجلی بندش سے خواتین، بچے اور بزرگ متاثر، طبیعت خراب، شکایات کے باوجود شنوائی نہیں ہوئی

لیسکو افسران کی بے حسی، متاثرہ شہری بجلی کی بندش پر سراپا احتجاج، فیروز پور روڈ بند کرنے کی دھمکی

لاہور (نمائندہ خصوصی) چھجرہ کے سردار پورہ میں 3 روز سے بجلی بند ہے، متاثرہ مکینوں نے لیسکو دفتر کے متعدد چکر لگائے مگر کہیں سے کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ حکام صرف وعدے کر رہے ہیں جبکہ عملی طور پر کوئی اقدام نہیں اٹھایا جا رہا۔ شدید گرمی کی وجہ سے مکین بچوں اور بچیوں، ایک خاتون اور تین بزرگوں کی طبیعت بگڑ چکی ہے۔

لیسکو افسران کی بے حسی، متاثرہ شہری بجلی کی بندش پر سراپا احتجاج، فیروز پور روڈ بند کرنے کی دھمکی

لاہور (نمائندہ خصوصی) لیسکو حکام کی سمیت غفلت اور عدم توجہی کے باعث لاہور کے مالائے اکبرہ کے علاقے سردار پور میں گزشتہ تین روز سے بجلی بند ہے، جس کے باعث شدید گرمی اور حبس میں اذیت کا شکار ہو گئے ہیں۔ اہلِ علاقہ کے مطابق اکبرہ واپڈا کالونی علاقوں کا ایک خیر خراب ہونے کے باعث درجنوں

ہم ہسپتال فاؤنڈیشن لاہور میں نئے ڈائیلسز وارڈ کا افتتاح

سرمسعود اختر اور صنیہ مجید نے نئے وارڈ کا افتتاح کیا، فاروق بلوچ، نوید اختر شیخ کی شرکت

خوشی سے گردوں کے مریضوں کو علاج کی جدید سہولیات فراہم کریں گے، فاروق بلوچ

لاہور (نمائندہ این این) ہم ہسپتال فاؤنڈیشن کی جانب سے لاہور میں جدید سہولیات سے آراستہ ڈائیلسز سنٹر کے نئے وارڈ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ سابق رجسٹرار مسعود اختر شیخ اور صنیہ مجید نے وارڈ کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈائریکٹر ڈاکٹر فرید احمد شیخ، ڈائریکٹر ڈاکٹر فیصل یمین، ایلس رتی، نجمی علی مختیار گھمن علی بخش و دیگر کی قیادت میں انتظامی مظاہرہ کیا اور سخت نعرے بازی کی۔

اور سخت نعرے بازی

پاس امیدواروں کا انتظامی مظاہرہ

پی ایس سی نے غیر قانونی تعیرات کا ریکارڈ طلب کرلیا، 13 رکنی کمیٹی تشکیل

سیاسی استحکام ناگزیر، سیاسی جماعتیں بامعنی ڈائیلاگ کریں، عرفان صادق تارڑ

پی آئی: دنیا کی تیز ترین کمرشل پرواز کا اعزاز اب بھی برقرار

کے پی میں سے لوگ جب اسلام آباد اور پنجاب آتے ہیں اور ترقی دیکھتے ہیں تو انہیں لگتا ہے کہ ہم کسی اور دنیا میں رہتے ہیں

شہر کی شہادت کے بعد حادثاتی طور پر سیاست میں آئی، سیاسی ٹریننگ بلور ہاؤس میں ہوئی لیکن میری اپنی ایک سیاسی سوچ بھی ہے، انئیر ویو

لاہور ہارٹس اینڈ ہارٹیکلچر سوسائٹی کا پھولوں کی نمائش

اعلان فراغت

زاہد عمران جنجوعہ نامہ نگار دیپالپور کو واجبات کی عدم ادائیگی پر روزنامہ قوت سے فارغ کر دیا گیا ہے۔

منجانب: انتظامیہ روزنامہ قوت

تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔